تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ہی ہے جو عقل شعور اور ہمت عطا کرتا ہے (حدیث)

ABC CERTIFIED

کوئٹہ مستونگ گوادر راولپنڈی اسلام آباد اور چمن سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ

فون نمبر : 2834643
فیکس نمبر : 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

بانی زمرد حسین (مرحوم)

روزنامہ ہمت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر : نادر حسین زمرد

جلد نمبر 26 | جمعہ 16 اکتوبر 2026ء | 04 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 01

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج صدارتی فرمان کثرت رائے سے منظور

وزیر برائے پارلیمانی امور کی پیش کی گئی تحریک کے حق میں 214 ووٹ آئے اور مخالفت میں 56 ووٹ پڑے، اپوزیشن اراکین بازو وھو کر اجلاس میں شریک ہوئے، غیر مشروط مذاکرات کے لیے تیار ہیں

دہشتگردوں کو ٹریننگ آپ نے دی، ایک روز میں لکی مروت، ٹانک، باجوڑ میں واقعات ہوئے، ایسے وقت میں وزیراعلیٰ کو لانگ مارچ کی بجائے ہسپتال میں ہونا چاہیے تھا، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے صدارتی فرمان کو کثرت رائے سے منظور کرلیا۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت ہوا جس میں چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی، حکومتی و اپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا پشاور میں اسکول واقعے پر افسوس کا اظہار

وزیراعلیٰ کا واشک میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار

ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بروقت اور

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب پر حالیہ حملوں کے اثرات پوری دنیا پر پڑ سکتے ہیں، آئی ایم ایف کا انتباہ

بینکاک (آن لائن) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خوراک کا عالمی دن آج منایا جائے گا

جڑانوالہ (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دیہی خواتین بلوچستان کی معیشت، زراعت میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانا اور انہیں ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت بلوچستان کے عزم کا حصہ ہے

خواتین کی معاشی خودمختاری سے خاندان مستحکم ہوتے ہیں اور معاشرے میں خوشحالی کے نئے راستے کھلتے ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دیہی خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیہی خواتین بلوچستان کی معیشت، زراعت اور معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں اور ان کی محنت صوبے کی سماجی و اقتصادی ترقی میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

غذائی تحفظ کیلئے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر کاوشوں کی ضرورت ہے، صدر مملکت

بین الاقوامی شراکت داروں کو خوراک کی ترسیل کے نظام کو مضبوط بنانے اور غذائی تحفظ کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے

مکالمہ، باہمی تعاون اور تنازعات کا پُرامن حل ایک ایسے سازگار ماحول کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں جہاں جدت فروغ پا سکے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے غذائی تحفظ کیلئے قومی، علاقائی اور عالمی سطح پر مشترکہ کاوشوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتوں، محققین، نجی شعبے اور بین الاقوامی شراکت داروں کو خوراک کی ترسیل کے نظام کو مضبوط بنانے اور غذائی تحفظ کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان، سی پیک روڈ پر ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری

فنڈز جاری، 718 کلومیٹر طویل شاہراہوں کی تعمیر و ترقی پر پیش رفت جاری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں پاک

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شہباز شریف کا سکول سانحہ پر اظہار افسوس، رپورٹ طلب کرلی

بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے اور ہر ممکن مدد و معاونت فراہم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

یوکرین کو روسی بیلسٹک میزائلز سے متعلق امریکی پیشگی اطلاعی معلومات فراہم نہیں کی گئیں، زیلنسکی

کیف (این این آئی) یوکرین کے صدر ولودومیر

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار سے روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشاور سکول کی چھت گرنے سے بچوں سمیت 11 افراد جاں بحق

ازخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، سکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، چھت پر 110 سے 115 تک بچے موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کر سکی

صدر زرداری، وزیراعظم کی متعلقہ حکام کو زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن امداد پہنچانے کی ہدایت، انکوائری کمیٹی قائم کر دی گئی

پشاور / اسلام آباد (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کے علاقے دیر کالونی میں 3 منزلہ نجی اسکول کی چھت گرنے سے 34 بچے اور ایک خاتون ٹیچر جاں بحق ہوگئیں، جاں بحق بچوں میں 6 بچیاں بھی شامل ہیں۔ جمعرات کو ریسکیو حکام کے مطابق اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ پشاور کے علاقے دیر کالونی میں پیش آیا ہے، صبح 8 بج کر 48 منٹ پر اسکول کی چھت گرنے کی اطلاع ملی تھی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق لیڈی ریڈنگ

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ جاتی اصلاحات و کارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبے میں امن و امان کے قیام پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ضیاء لانگو

ضلع قلعہ عبداللہ میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو کی زیر صدارت اہم اجلاس

منشیات کا خاتمہ اور عوام کو امن و امان فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، جس کی ادائیگی کیلئے تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو کی زیر صدارت ضلع قلعہ عبداللہ میں امن

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر خزانہ کی موڈیز سے ملاقات

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

محسن نقوی اور بلاول بھٹو کی ملاقات، گورنر راج کے بعد کی سیاسی حکمت عملی پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اور وزیر داخلہ محسن نقوی کے درمیان ون

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

روسی وزیر داخلہ پاکستان کا 4 روزہ دورہ مکمل کر کے واپس چلے گئے

اسلام آباد (این این آئی) روسی وزیر داخلہ ولادیمیر کولوکولتسیف پاکستان کا 4 روزہ دورہ مکمل کر کے

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

معصوم بچوں کے جانی نقصان پر دل رنجیدہ ہے، سردار ایاز صادق کا پشاور واقعہ پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پشاور دیر کالونی میں نجی سکول کی چھت گرنے سے بچوں اور خاتون ٹیچر کے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کے جانی نقصان پر دل رنجیدہ ہے۔ اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبہ میں ہائر ایجوکیشن سیکٹر تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے، گورنر بلوچستان

صوبے کی 11 پبلک سیکٹر یونیورسٹیز، 140 کالجز اور تقریباً 1,200 ہائی اسکولز اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں، جعفر خان مندوخیل

آج کی کانووکیشن تقریب ان کی علمی و فکری نشوونما، ذاتی کامیابیوں اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کی تیاری کی علامت ہے

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبہ میں ہائر ایجوکیشن سیکٹر تیزی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کا رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر رخشان ڈویژن اسد اللہ کاکڑ کے مبینہ طور پر اغواء کی اطلاعات

اسد اللہ کاکڑ اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے لیے خاران آرہے تھے

خاران / کوئٹہ (آن لائن) کمشنر رخشان ڈویژن اسد

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، مصر اور ترکی کے درمیان وزرائے خارجہ کا رابطے اور تعاون کو برقرار رکھنا خوش آئند ہے، اسحاق ڈار

اسحاق ڈار کے مصر اور ترکی کے وزرائے خارجہ سے ٹیلیفونک رابطے، مشترکہ مقاصد مستقبل کیلئے اہمیت کے حامل ہیں

تمام مسائل کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کشیدگی میں کمی کی کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے مصر اور ترکی کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ٹیلیفونک رابطے کیے، جن میں علاقائی و عالمی صورتحال، مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی، غزہ اور فلسطین کی صورتحال سمیت اہم سفارتی امور پر

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشاور، سکول کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے بچوں کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

خالد حسین گمسی کا پشاور میں سکول کی چھت گرنے سے طلبہ و اساتذہ کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین گمسی نے پشاور میں

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

معاہدے پر دستخط ہوتے تو بائی کو تمام سہولتیں یقینی بنانے میں ہم ساتھ دیتے، شیری رحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ دہشت گردی سرخ

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور عرب ممالک کے درمیان تعلیمی و سائنسی تعاون کے فروغ کے لیے 5 سالہ معاہدے طے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عرب ممالک کے درمیان تعلیمی، سائنسی اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینے کے لیے وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، عرب لیگ کی تعلیمی، ثقافتی و سائنسی تنظیم (الیسکو) اور او آئی سی کے سائنٹیک کے مابین پانچ سالہ سہ فریقی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے ہیں۔ معاہدے کے تحت پاکستان اور عرب

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سستی خوراک کی فراہمی کے لیے پرعزم ہیں، رانا تنویر حسین

خواتین اور نوجوانوں کو جدید زراعت سے فائدہ پہنچانا پالیسیوں کی ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ہر شہری کو وافر، محفوظ، غذائیت بخش اور سستی خوراک کی فراہمی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بیرسٹر گوہر کا عمران خان کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے اظہار لاتعلقی

پی ٹی آئی موجودہ اکاؤنٹ کو تسلیم نہیں کرتی، بیرسٹر گوہر کا اسلام آباد ہائیکورٹ میں بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے عمران خان کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا۔ اسلام آباد ہائی

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں شہریوں پر اسرائیلی حملے جاری

غزہ میں اسرائیلی فضائی حملوں اور فائرنگ کے متعدد واقعات ریکارڈ کیے گئے

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے مقبوضہ

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، 7 دہشت گرد ہلاک

دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، صدر، وزیراعظم

پوری قوم دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کی اس جنگ میں اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان اور انسانی اسمگلرز کیخلاف کارروائیوں

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ ہمت کی 26 ویں سالگرہ کے موقع پر کوثر حسین زمرد، محمد طاہر قوم اور دیگر ملازمین کیک کاٹ رہے ہیں

عالمی منڈی میں ڈیزل کی قلت 2027 تک برقرار رہنے کا خدشہ

منڈی میں توازن قائم رکھنے کے لیے طلب میں مزید کمی کرنا پڑ سکتی ہے، رپورٹ

پیرس (این این آئی) بین الاقوامی توانائی ایجنسی (آئی ای اے) نے خبردار کیا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں توانائی تنصیبات پر حملوں اور رسد میں مسلسل رکاوٹوں کے باعث عالمی منڈی میں ڈیزل کی قلت اور قیمتوں کا دباؤ 2027 تک برقرار رہ

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشاور واقعہ میں ذمہ داروں کا تعین کر کے کڑی سزا دی جائے، حنیف عباسی

وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا پشاور سکول حادثے میں انسانی جانوں کے نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے پشاور میں سکول کی عمارت گرنے سے معصوم بچوں اور خاتون ٹیچر کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی نااہلی درخواست نمٹا دی

اگر سہیل آفریدی بحال ہوئے تو درخواستیں دوبارہ بحال کروا سکتے ہیں، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے سہیل آفریدی کی نااہلی سے متعلق درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹا دی۔ جمعرات کو دوران سماعت

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے

گورنر خیبر پختونخوا کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار، رپورٹ طلب کرلی

پشاور / اسلام آباد (این این آئی) صوبائی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی ترسیلاتِ زر میں نمایاں اضافہ، اربوں ڈالر موصول

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ترسیلاتِ زر 10.9 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (آن لائن) بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلاتِ زر میں نمایاں اضافہ ملکی معیشت کے لیے ایک خوش آئند پیش رفت قرار دیا

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے دوران اپوزیشن رہنماؤں سے مصافحہ کر رہے ہیں

روس یوکرین جنگ خاتمے کیلئے مذاکرات ہی واحد راستہ ہیں، پاکستان

فریقین کے لیے عالمی انسانی قانون کے تحت ذمہ داریوں پر مکمل عمل درآمد ضروری ہے

اقوام متحدہ (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

معصوم طلبہ کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی المناک سانحہ ہے، گورنر

مشکل وقت میں وہ تمام سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کچھی اور مستونگ میں چیک پوسٹ پر حملہ، 4 دہشتگرد ہلاک

دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن برآمد کر کے قبضے میں لے لئے باقی ساتھی فرار ہوگئے

مستونگ میں سیکورٹی فورسز دہشتگردوں کی نقل و حرکت پر کارروائی کرتے ہوئے 2 کو ہلاک کیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے محلے نے آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت کچھی اور مستونگ کے علاقے میں پولیس کی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے

گورنر خیبر پختونخوا کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار، رپورٹ طلب کرلی

پشاور / اسلام آباد (این این آئی) صوبائی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایلون مسک کا یوکرینی صدر سے جنگ کے خاتمے، مستعفی ہونے کا مطالبہ

نیویارک (این این آئی) امریکی کاروباری شخصیت ایلون مسک نے یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنگ کے باعث اموات میں اضافہ ہو رہا اور اب

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مدینہ منورہ پر کروز میزائل حملے کی شدید مذمت، (آج) دنیا بھر میں یوم مذمت و یکجہتی کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل اور سیکرٹری جنرل انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے مدینہ منورہ کے علاقے میں کروز میزائل حملے کی شدید

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کسی رکن ملک کی سرزمین پر روسی حملے کا فوری خطرہ نہیں، نیٹو

روس کی حملے کی تیاری کے لیے فوجی نقل و حرکت یا اجتماع کا پتا چلنے پر ردعمل دیں گے، مارک روتے

ٹالن (این این آئی) نیٹو نے کہا ہے کہ اتحاد کو فی الحال اپنی رکن ممالک کی سرزمین پر روسی حملے کا کوئی فوری خطرہ نظر نہیں آرہا، تاہم روس کی حملے کی تیاری

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار کا پشاور میں سکول کی چھت گرنے سے قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پشاور میں نجی سکول کی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مدینہ منورہ کے اوپر میزائل انٹرسیپٹ کر کے تباہ کر دیا، سعودی اتحادی فوج

اتحادی کمانڈ دشمن کے فضائی اہداف کا مقابلہ کرنے کے لیے انتہائی مستعد اور مکمل چوکس ہے، ترجمان سعودی اتحادی فوج

فضائی دفاعی نظام نے سعودی سرزمین کی طرف داغے جانے کے فوری بعد اس کروز میزائل کا سراغ لگایا، اور مدینہ ریجن میں مار گرایا

ریاض (این این آئی) سعودی اتحادی فوج کے ترجمان نے دعویٰ کیا ہے کہ مدینہ منورہ میں کروز میزائل کو انٹرسیپٹ کر کے تباہ کر دیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ترجمان سعودی اتحادی فوج کی جانب سے جاری بیان میں یہ بات کہی گئی۔ ترجمان کے جاری کیے گئے بیان کے مطابق فضائی دفاعی نظام نے سعودی سرزمین کی طرف داغے جانے کے فوری بعد اس کروز میزائل کا سراغ لگایا،

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان 23 ماحولیاتی پولیو مونو کے نتائج منفی آ گئے

وزیر صحت کی انسداد پولیو اقدامات پر اظہار اطمینان کیا اور ٹھوس اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت

حکومت پولیو ورکرز کے ساتھ کھڑی ہے، انکی خدمات اور قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پولیو کے خاتمے کی راہ پر گامزن، تمام 23 ماحولیاتی نمونوں کے نتائج منفی آگئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گلگت بلتستان کو بھی ملک کے دیگر صوبوں کی طرح تمام حقوق اور ترقیاتی مواقع ملنے چاہئیں، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

طارق فضل چوہدری کا پشاور میں نجی سکول کی چھت گرنے سے جانی نقصان پر دلی رنج و غم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پشاور

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو قلعہ عبداللہ میں امن و امان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یہ خود سے تیار کردہ ہتھیار ہے، ایرانی رہنما کو نشانہ بنانے کا وعدہ کیا ہے، ٹرمپ

ایرانی قیادت کی پہلی اور دوسری سطح کے رہنما مارے جا چکے ہیں، جبکہ تیسری سطح کی قیادت کے نصف افراد بھی مارے جا چکے ہیں

تہران جوہری ہتھیار حاصل کر کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر اسے استعمال کرتے ہوئے یورپ، اسرائیل اور امریکا کے مغربی ساحل کو بھی نشانہ بنا سکتا تھا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اب مزید ایرانی رہنماں کو نشانہ نہیں بنایا جائے گا، میں نے خود سے وعدہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز ایرانی رہنما کے شہر

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بی یو جے اور پریس کلب کا جعلی صحافیوں و آرگنائزیشنز کے حوالے سے شکایات پر تشویش

حکام صحافت اور میڈیا اداروں اور نمائندہ تنظیم بی یو جے اور پریس کلب سے وابستگی کی تصدیق کریں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار سے ایران کے صدر مسعود پزشکیان کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ایران کے صدر مسعود پزشکیان کی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جسٹس منیب اختر نے بطور قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان حلف اٹھا لیا

جسٹس جمال مندوخیل نے جسٹس منیب اختر سے حلف لیا، تقریب سپریم کورٹ میں ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے بیرون ملک دورہ انگلینڈ کے باعث جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھا

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمان کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر افسوس کا اظہار

حکومت اور متعلقہ ادارے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کریں

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کا ایران کے ساتھ معاہدے کا امکان ظاہر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدے کا امکان ہے، ایران کے ساتھ معاہدہ ہوا تو بہت اچھا ہوگا، ایران کے ساتھ

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

انسانی زندگی کیلئے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے، ظہور بلیدی

بلوچستان کا بیشتر حصہ خشک اور کم بارشوں والے خطے پر مشتمل ہے، متعدد علاقے اپنی زرعی پیداوار کے باعث فوڈ باسکٹ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں

حکومت خوراک کے معیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور زرعی شعبے کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ انسانی زندگی کے لیے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ خالص، محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت خوراک کے معیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور زرعی شعبے کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

یک بچ تھانے پر حملہ، دھماکے سے عمارت تباہ

چاغی (آن لائن) یک بچ تھانے پر حملہ، دھماکے سے عمارت تباہ چاغی: اطلاعات کے مطابق آج صبح تقریباً ساڑھے چار بجے نامعلوم مسلح افراد نے تھانہ یک بچ پر حملہ کر کے دھماکے سے تھانے کی عمارت تباہ کردی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نوابزادہ حاجی لشکری کا محمد ریاض احمد ایڈووکیٹ کی عیادت

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے جمعرات کو کوئٹہ کے نجی اسپتال میں زیر علاج معروف سینئر قانون دان اور اپنی لیگل ٹیم کے سربراہ محمد ریاض احمد ایڈووکیٹ کی عیادت کی، اس موقع پر کارکنوں

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سرکاری محکموں کی تنظیم نو اور کارکردگی بہتر بنانے کیلئے اصلاحاتی عمل جاری

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور اصلاحات پر مبنی تجاویز مرتب کرنے کے لیے جائزہ اجلاس دوسرے روز بھی جاری رہا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ 16 اکتوبر کو طلب

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کا اہم اجلاس جمعہ 16 اکتوبر کو سہ پہر 3:00 بجے صوبائی اسمبلی کے ایوان میں طلب کرلیا گیا ہے۔ سرکاری اطلاع کے مطابق اجلاس کی صدارت اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کریں

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مینا مجید بلوچ کا پشاور واقعے میں 30 بچوں کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کا پشاور میں نجی اسکول کی چھت گرنے سے 30 بچوں کی ہلاکت پر گہرے غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ کہ پشاور کے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشاور واقعے نے ہر دردِ دل رکھنے والے انسان کو غمزدہ کر دیا، یونس بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ حاجی میر یونس بلوچ نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے سے معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کی قیمتی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ تکلیف دہ ہے، سیدال ناصر

بچوں کی جانوں کا ضیاع ناقابلِ تلافی نقصان ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ +اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے پشاور کے علاقے دیر کالونی میں نجی اسکول کی چھت منہدم ہونے کے افسوسناک حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سیدال خان ناصر نے اس المناک حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے بچوں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی مشیر لوکل گورنمنٹ امیر حمزہ زہری ملاقات کر رہے ہیں

دیہی خواتین ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، جمال شاہ

بلوچستان کی دیہی خواتین کو تعلیم، صحت اور روزگار کے یکساں مواقع فراہم کرنا ضروری ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے عالمی یوم دیہی خواتین کے موقع پر کہا ہے کہ دیہی خواتین ملکی معیشت، زراعت اور معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، تاہم ان کی خدمات کے اعتراف اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مزید عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین زراعت، مال مویشیوں کی دیکھ بھال، گھریلو صنعتوں اور دیگر شعبوں میں محنت کر کے اپنے خاندانوں کی کفالت میں حصہ ڈالنے کے ساتھ ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان کی محنت اور خدمات ملک کی ترقی کے لیے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی سے بیروزگاری کا طوفان آچکا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

معاشی استحصال اور ان ظالمانہ فیصلوں سے مستقبل انتہائی خطرناک بحران کی کیفیت سے دوچار ہو رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ فاروقی صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مہنگائی، پیٹرولیم لیوی کیخلاف حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی دستخطی مہم جاری

شہریوں کی بڑی تعداد مہم میں حصہ لے رہی ہے، مقصد عوامی مسائل کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر یکم اکتوبر سے حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی کے خلاف ملک گیر دستخطی مہم جوش وخروش سے جاری ہے۔ اس حوالے سے حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد نے مختلف علاقوں میں کیمپس قائم کیے ہیں، جہاں شہریوں کی بڑی تعداد مہم میں حصہ لے رہی ہے۔ ملک بھر میں مہنگائی اور پیٹرولیم لیوی کے خلاف جاری اس دستخطی مہم کا مقصد عوامی مسائل اور مطالبات کو موثر انداز میں اجاگر کرنا اور حکومت کو عوام کو درپیش معاشی مشکلات کے حل کی جانب متوجہ کرنا ہے۔ حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد کی جانب سے مختلف علاقوں میں دستخطی کیمپس

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کی خواتین منفرد ہنرمندی کی امین ہیں، رابعہ بلیدی

بلوچستان کی تاریخی شناخت، روایتی فنون اور ثقافتی تنوع کو قومی سطح پر مستقل نمائندگی ملنی چاہیے

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب کھچی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کی قومی و بین الاقوامی نمائشوں میں شرکت کے مواقع بڑھانے، صوبے کی روایتی دستکاریوں کو فروغ دینے اور ملک بھر کے قومی عجائب گھروں میں بلوچستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے لیے مستقل نمائشی گوشے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ ٹریفک کی روانی کیلئے اصلاحاتی اقدامات جاری ہیں، دوستین دشتی

ٹریفک پولیس کو 10 موٹر سائیکلیں اور 15 گاڑیاں فراہم، نئے اہلکار بھی تعینات کیے جائیں گے

کوئٹہ (یو این اے) ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ دوستین دشتی نے کہا ہے کہ شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے، ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سمیت مختلف اصلاحاتی اقدامات کیے جا رہے ہیں انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کی جانب سے ٹریفک پولیس کو 10 موٹر سائیکلیں اور 15 گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں، جبکہ نئے بھرتی ہونے والے اہلکاروں کو بھی ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے تعینات کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ پریس کلب کے دورے کے موقع پر

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشاور اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ انتہائی المناک سانحہ ہے، مولانا واسع

معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع پوری قوم کے لیے گہرے دکھ اور صدمے کا باعث ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے دلخراش واقعے میں معصوم طلبہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ، رنج و صدمے کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے سے معصوم طلبہ کی اموات انتہائی المناک اور افسوسناک سانحہ ہے، اور معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا یہ اچانک ضیاع پوری قوم کے لیے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ نے احمد نواز کے زخمی رشتہ داروں کیلئے ایئر ایمبولینس فراہم کردی

بی این پی سے سیاسی اختلافات اپنی جگہ، انسانی ہمدردی مقدم، زخمیوں کو علاج کے لیے کراچی منتقل کردیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں سیاسی اختلافات کے باوجود انسانی ہمدردی کی ایک مثال سامنے آئی ہے، جہاں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سابق رکن اسمبلی احمد نواز بلوچ کے ساتھ پیش آنے والے ذاتی جھگڑے میں زخمی ہونے والے ان کے دو رشتہ داروں کے لیے فوری طور پر ایئر ایمبولینس کی سہولت فراہم کی، جس کے ذریعے زخمیوں کو علاج کے لیے کراچی منتقل کیا گیا۔ واقعے کے بعد وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گوادر چیئرمین پورٹ سے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات

ملاقات میں ایران کیساتھ تجارت کے فروغ اور ٹرانزٹ ٹریڈ سمیت دیگر تجارتی امور پر تبادلہ خیال

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ سے گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے ملاقات کی، جس میں گوادر پورٹ کے ذریعے ایران کے ساتھ تجارت کے فروغ، گہرے ریمدان بارڈر کوریڈور کے استعمال اور ٹرانزٹ ٹریڈ سمیت دیگر تجارتی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل گوادر پورٹ داؤد گلمتی بھی موجود

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سیاسی استحکام ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتا ہے، سید امان شاہ

ملک اور بلوچستان کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے سنجیدہ سیاسی مکالمہ اور موثر حکمت عملی ناگزیر ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے ملک اور بلوچستان کی مجموعی سیاسی، معاشی اور امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت مختلف نوعیت کے چیلنجز سے دوچار ہے، جن سے نمٹنے کے لیے قومی یکجہتی، سیاسی ہم آہنگی، مؤثر حکمت عملی اور عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری، معاشی مشکلات اور عوام کی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر میں 16 ملین ڈالر کا اضافہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر میں ہفتہ وار اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ 9 اکتوبر 2026ء کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

امیر حمزہ زہری سے سید ظفر آغا کی ملاقات، سیاسی وعلاقائی امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے جمعیت علمائے اسلام کے رکن بلوچستان اسمبلی سید ظفر آغا نے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران موجودہ سیاسی صورتحال اور علاقائی امور

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

لواحقین کوئٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ مکمل کیا جائیگا، سلیم کھوسہ

سفارش دباؤ یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات میں لواحقین کوئٹہ کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر میرٹ شفافیت اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے گا اس ضمن میں کسی قسم کی سفارش دباؤ یا غیر ضروری مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات و

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

92 نیوز اور روزنامہ زمانہ سے 9 ملازمین کی برطرفی پر بی یو جے کی مذمت

بی وی چینل انتظامیہ کا اقدام جابرانہ اور غیر قانونی ہے بھرپور احتجاج کریں گے، منصور احمد رند

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے کوئٹہ 92 نیوز چینل اور روزنامہ زمانہ سے 9 ملازمین کو بیک جنبش قلم ملازمتوں سے فوری فارغ کرنے کے اقدام کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے 92 انتظامیہ کے اس اقدام کو جابرانہ، ظالمانہ اور غیر قانونی قرار دیا ہے۔ بی یو جے کے صدر منصور احمد رند، کابینہ اور مجلس عاملہ کے اراکین نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 92 نیوز انتظامیہ نے کوئٹہ بیورو میں کام کرنے والے ایک

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی اور صوبائی مشیر سردار غلام رسول عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، وزیر خزانہ

پاکستان کی کوشش ہے کہ موجودہ عالمی حالات میں نئے تجارتی مواقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم اور وسیع بنایا جائے

جاری مالی سال کے دوران ترسیلات زر کا حجم 44 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

بیجنگ (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے اقتصاد کو تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقل ہو رہا ہے اور خلیجی ممالک، امریکا، چین اور دیگر دیرینہ شراکت داروں کے ساتھ اقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر توجہ دے رہا ہے، جاری مالی سال کے دوران ترسیلات زر کا حجم 44 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔ عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے سالانہ اجلاس کے موقع پر چینل نیوز ایشیا کو انٹرویو میں وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان مشکل وقت میں اپنے شراکت داروں کی معاونت اور مسلسل

بقیہ 46 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 100 روپے مہنگا ہوگیا

دارالحکومت میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 200 روپے سے بڑھ کر 3 ہزار 300 روپے کا ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 100 روپے کا اضافہ ہو گیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 200

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کچی بیگ پولیس کی کارروائی، چرس برآمد ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کچی بیگ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی سریاب ڈویژن عابد بخاری کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او کچی بیگ مجاہد ملغانی نے دیگر عملے کے ہمراہ گزشتہ شب خفیہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، شہر بھر میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے کارروائیاں، 13 افراد گرفتار

کم وزن روٹی کی فروخت اور ناجائز منافع خوروں کیخلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر شہر بھر میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کم وزن روٹی فروخت کرنے والے تندوروں، قصابوں اور دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 31 افراد کو گرفتار کرلیا گیا، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔ کارروائیاں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر بروری کا شف عمر کا سریاب روڈ کا دورہ

پڑمی بانوں کی جانب سے ریڑھیاں کھڑی کرنے کے طریقہ کار اور ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمر نے سریاب روڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ریڑھی بانوں کی جانب سے ریڑھیاں کھڑی کرنے کے طریقہ کار اور ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ریڑھی بانوں سے ملاقات کرتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ اپنا روزگار جاری رکھیں، تاہم ریڑھیاں سڑک کے ایک کنارے پر مناسب انداز میں کھڑی کریں تاکہ ٹریفک کی روانی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اساتذہ قوم کے معمار ہیں، ڈپٹی کمشنر خالد خان

اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانت داری، محنت اور لگن کیساتھ ادا کریں

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر جھٹ پٹ وھیرج کالرہ نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے اساتذہ کا حاضری رجسٹر چیک کیا اور اس بات کا جائزہ لیا کہ تدریسی عملہ اپنی ذمہ داریاں باقاعدگی سے ادا کر رہا ہے یا نہیں۔ انہوں نے اسکول کے مختلف کلاس رومز کا

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وورینڈر لعل کا ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ

قیدیوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کا ڈسٹرکٹ جیل نصیرآباد کا دورہ قیدیوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات طبی انتظامات اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سولر سسٹم کی تنصیب اور طبی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات کی یقین دہانی کرائی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے آج ڈسٹرکٹ جیل نصیرآباد کا تفصیلی دورہ کیا جہاں ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ جیل محمد علی نے ان کا استقبال کیا اور جیل کے مختلف حصوں کا معائنہ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وندر پولیس کی کارروائی، 510 گرام چرس برآمد ملزم گرفتار

منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، حب پولیس

وندر (یو این اے) وندر پولیس کی کارروائی 510 گرام چرس برآمد ملزم گرفتار مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق ترجمان ڈسٹرکٹ پولیس حب کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق SSP حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر DSP سرکل وندر محمد جان ساسولی کی زیر نگرانی میں SHO وندر عبدالحق موسیانی نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عظمیر اسلم ولد محمد اسلم قوم راجپوت سکنہ سونمیانی ضلع حب کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 510 گرام چرس برآمد کرلی۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں عظیم الشان سالانہ جلسہ دستار بندی

باطل قوتوں کی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے، مولانا حافظ عبدالقدیم

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالقدیم شیخ الحدیث مولانا شیخ اعطیع اللہ ممتاز مبلغ مولانا خدائے دوست جمعیت کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی مدرسہ دارالعلوم حقانیہ کے ناظم تعلیمات مولانا عبدالرزاق ودیگر نے جامعہ دارالعلوم حقانیہ کلی چلتن ریسائی ہزارگنجی کے زیر اہتمام عظیم الشان سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے مضبوط قلعے، ہدایت کے سرچشمے دین کے پناہ گاہ اور شعائر اسلام ہیں، دین اسلام کی اشاعت کا بڑا ذریعہ ہے دینی مدارس اسلام کے تحفظ وملک اور اسلام کے بقا کے لئے کلیدی کردار ادا کررہے ہیں دینی مدارس کو اندرونی، بیرونی اور

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ گوادر سے میر ارشد لگتی کی ملاقات

گوادر (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور لگتی نیچنگ ہسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ بلوچ سے میر عبدالغفور لگتی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ارشد لگتی نے ملاقات کی، جس میں ہسپتال میں

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سیکورٹی فورسز کی دشت میں کارروائی، 104 افغان باشندے گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے عملے نے تربت کے علاقے دشت میں کارروائی کرتے ہوئے 104 افغان باشندوں کو گرفتار کرلیا۔ جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں جو بغیر کسی قانونی دستاویزات کے ایران ترکی کے راستے یورپ جانا چاہتے تھے سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز

بقیہ 32 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

موسیٰ خیل، عبدالواسع خان کاکڑ کا مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر اسکولز ایجوکیشن لورالائی ڈویژن عبدالواسع خان کاکڑ نے ملک نجیب خان کاکڑ کے ہمراہ موسیٰ خیل کے مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تدریسی سرگرمیوں، اساتذہ کی حاضری، تعلیمی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خالق آباد منگوچر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد، ہسپتال منتقل

خالق آباد، منگوچر (یو این اے) خالق آباد منگوچر کے علاقے چوٹانک سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے پولیس نے اپنی تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی کے لیے آر ایچ سی ہسپتال منتقل کردیا ہے۔ پولیس حکام

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پشاور واقعہ افسوسناک، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، سینیٹر بلال مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سینیٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، قائمہ کمیٹی برائے تجارت اور اوورسیز پاکستانی کمیٹی کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر

بقیہ 35 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر زہری کی زیر صدارت تمام صوبائی محکمہ جات کا اجلاس

بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی میں کسی قسم کی لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر زہری روزین جمالی کی زیر صدارت تمام صوبائی محکمہ جات کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سب ڈویژن زہری میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عمومی کارکردگی اور درپیش مسائل کا تفصیلی احاطہ کیا گیا۔ اجلاس کے دوران خاص طور پر محکمہ تعلیم اور

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کو محفوظ معیاری خوراک کی فراہمی ترجیحات میں شامل ہے، نور محمد دمڑ

خوراک کا تحفظ انسانی صحت اور معاشرتی فلاح و بہبود کیلئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے سرکاری اداروں، فوڈ بزنس آپریٹرز، بین الاقوامی شراکت داروں اور عوام کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے عالمی یوم خوراک 2026 کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام کو محفوظ، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 47 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خاران پولیس کو 125 نئی موٹر سائیکلیں فراہم کردی گئیں

ایگل اسکواڈ کے قیام کا مقصد گشت کو موثر بنانا، جرائم کی روک تھام ہے، ڈی آئی جی رخشان رینج

خاران (یو این اے) انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی) بلوچستان محمد طاہر کی جانب سے پولیس کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل کو موثر بنانے کے لیے خاران پولیس کو نئی سی جی 125 موٹر سائیکلیں فراہم کردی گئی ہیں، جس کے بعد شہر میں جدید ایگل اسکواڈ کا باقاعدہ افتتاح کردیا گیا ہے۔ ڈی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نوشکی میں خواتین کیلئے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد

خواتین کے حقوق کا تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیح ہے، محسن لاشاری

نوشکی (یو این اے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نوشکی محسن لاشاری نے کہا کہ خصوصی کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد خواتین کو اپنے مسائل اور شکایات براہ راست ضلعی انتظامیہ تک پہنچانے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ خواتین معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ، فلاح و بہبود اور مسائل کا بروقت حل

کوئٹہ، جامعہ دارالعلوم حقانیہ یکی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے زیر اہتمام سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء مولانا حافظ عبدالقدیم، مولانا شیخ اسطیع اللہ، مولانا خدائے دوست، مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا عبدالرزاق ودیگر خطاب کررہے ہیں

اہلِ سنت علماء ومشائخ کے درمیان مضبوط اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، خالد سلطان

قیامِ پاکستان کے دوران سنی علماء کرام اور مشائخ عظام نے نمایاں قربانیاں دیں

سیوی (این این آئی) جماعت اہلِ سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ صاحبزادہ پیر خالد سلطان القادری نے کہا ہے کہ جماعت اہل سنت پاکستان، جمعیت علماء پاکستان (نیازی)، جمعیت علماء پاکستان (نورانی)، سنی اتحاد کونسل، تحریک لبیک پاکستان، انجمن طلبہ اسلام، مصطفائی تحریک اور اہلِ سنت کی دیگر تنظیموں کے درمیان مضبوط اور پائیدار اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ علماء ومشائخ اہلِ سنت کو باہمی اختلافات ختم کرکے ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد ہونا چاہیے تاکہ وہ ملک وقوم کی بہتر انداز میں رہنمائی کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء پاکستان کے صوبائی نائب صدر اور ممبر ڈویژنل امن کمیٹی محمد ریاض نوری کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ صاحبزادہ پیر خالد سلطان القادری نے کہا کہ قیام پاکستان کے دوران سنی علماء کرام اور مشائخ عظام نے نمایاں قربانیاں دیں اور قائداعظم محمد علی جناح کے ساتھ تحریک پاکستان میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا۔ تاہم، بعض معمولی اختلافات کے باعث علماء□ ومشائخ اہلِ سنت کے درمیان فاصلے پیدا ہوئے، جنہیں باہمی مشاورت، الہام و تفہیم اور مذاکرات کے ذریعے ختم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہلِ سنت کی مختلف جماعتوں اور تنظیموں کے پاس باصلاحیت نوجوانوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔ انجمن طلبہ اسلام، مصطفائی تحریک اور دیگر تنظیموں کے نوجوانوں کو اتحاد کے قیام کے لیے مؤثر ذمہ داریاں سونپی جائیں تو وہ علماء کرام اور مشائخ عظام کے درمیان رابطوں کو مضبوط بنانے اور باہمی اتفاق واتحاد کی فضا قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے وفد پر زور دیا کہ وہ ملک بھر میں علماء ومشائخ اہلِ سنت سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھیں اور تمام متعلقہ جماعتوں کو ایک مضبوط اور مشترکہ پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لیے عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے وفد کو 22 نومبر کو میرآب پور میں منعقد ہونے والے روحانی اجتماع میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ وہ اس اتحاد کی کوششوں میں نوجوانوں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے اور ان کی ہر مثبت آواز پر لبیک کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان بھی اس جدوجہد میں ان کے ساتھ ہوں گے۔

شہر میں بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی کی وارداتوں پر انجمن تاجران اور آل پارٹیز کا اظہارِ تشویش

نوشکی (آن لائن) انجمن تاجران اور آل پارٹیز کے رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس مقامی ہوٹل میں انجمن تاجران کے بزرگ رہنما مولوی احمد شاہ کلانی کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں شہر میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، تاجروں کو درپیش مسائل اور بالخصوص احمدوال بازار کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں آل پارٹیز کے رہنما میر خورشید جمالدینی، مفتی فدا الرحمن ریکی، انجمن تاجران کے رہنما ممتاز مینگل، چوہدری سندیپ، چوہدری کلو رام راجپوت، غلام حیدر بادینی، حاجی عبدالمالک مینگل، ارباب صفی سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران انجمن تاجران کی جانب سے تاجروں کے مسائل کے حل، بالخصوص احمدوال بازار کے معاملات کے سلسلے میں کی جانے والی کوششوں اور میر خورشید جمالدینی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انجمن تاجران اور آل پارٹیز کے رہنماؤں نے کہا کہ نوشکی میں امن و امان کی صورتحال دن بدن تشویشناک ہوتی جا رہی ہے۔ شہر میں چوری، ڈکیتی اور مسلح وارداتوں میں اضافے کے باعث تاجر برادری شدید پریشانی اور عدم تحفظ کا شکار ہے۔ انہوں نے دن دیہاڑے مسلح چوری اور ڈکیتی کے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی شدید مذمت کی۔ رہنماؤں کا کہنا تھا کہ تاجروں اور شہریوں کو جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا۔ ان کے مطابق شہر میں پولیس کی موجودگی نہ ہونے کے برابر ہے، جبکہ رات کے اوقات میں مؤثر سیکیورٹی اور پولیس گشت کی کمی کے باعث شہریوں اور تاجروں میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے۔

جناح پیپلز ٹرین عوام دوست اور تاریخی اقدام ہیں، ملک شہزاد شاہوانی

حب (یو این اے) صوبائی ایگزیکٹو ممبر شہزاد شاہوانی نے بلوچستان وزیراعلیٰ بلوچستان جناب میر سرفراز بگٹی و مشیر ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے عوام کی بنیادی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے "پیپلز ٹرین اور پیپلز بس سروس جیسی شاندار سہولت فراہم کی شہزاد شاہوانی نے کہاں کہ پیپلز ٹرین سروس ایک مسیحا بن کر آئی ہے۔ روزانہ ہزاروں طلبا، مزدور، ملازمین اور عام شہری اس سروس سے مستفید ہو رہے ہیں۔ یہ صرف ایک بس یا ٹرین نہیں، بلکہ یہ پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور "روٹی، کپڑا اور مکان" کا عملی مظہر ہے۔ یہ منصوبہ دراصل شہید قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو اور شہید جمہوریت محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے اس فلسفے کی تکمیل ہے جس میں عام آدمی کی فلاح اولین ترجیح تھی۔

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی تقاضا ہے، حافظ صدیق

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی خدمات قابل تحسین ہیں، جمعیت چمن

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام چمن بلوچستان کے رہنما اور ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں شامل ہے۔ حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں، آپ ﷺ کے بعد کسی نئے نبی کی گنجائش نہیں۔ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کی دینی، ایمانی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کا اس بنیادی عقیدے پر غیر متزلزل ایمان ہے اور اس کے تحفظ کے لیے علما کرام نے ہر دور میں تاریخی کردار ادا کیا ہے۔ ہمیں اس عظیم عقیدے کی اہمیت کو نئی نسل تک منتقل کرنے، دینی تعلیمات کو عام کرنے اور معاشرے میں اسلامی شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کی جدوجہد آئینی، قانونی، پرامن اور جمہوری دائرے میں رہتے ہوئے جاری رہنی چاہیے۔ اس حوالے سے آئین پاکستان اور عملی قوانین کا احترام، قومی یکجہتی اور معاشرتی امن برقرار رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے علما کرام، دینی مدارس، تعلیمی اداروں اور تمام دینی وسماجی حلقوں پر زور دیا کہ وہ عقیدہ ختم نبوت کے حوالے سے مستند دینی تعلیمات کو عام کریں اور نوجوان نسل کی فکری و دینی تربیت میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان، محبت رسول ﷺ اور دینی شناخت کا اہم حصہ ہے۔ اس عقیدے کے تحفظ کے لیے علمی، فکری اور دعوتی جدوجہد کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع چمن کے عہدیداران کے زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر کوبیارڈوکی، پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج، احمد خان شیرازی اور دیگر پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

گڈانی کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم

ترقیاتی فنڈز کی خرد برد اور بدترین عوامی مسائل نے زندگی اجیرن کردی

مقامی صنعتوں میں بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کو دیوار سے لگا دیا، شہریوں کا احتجاج

گڈانی (یو این اے) تحصیل گڈانی کی عوام اس وقت تمام زندگی کی تمام تر سہولیات سے محروم ہیں بجلی نا ہونے کے برابر جس سے عوامی متاثر پینے کے پانی سے محروم جیٹی نا ہونے کے باعث ماہیگیر شدید مشکلات کا شکار ہیں شہر و گردونواح میں صفائی ستھرائی کا عمل انتہائی ست طلبہ ٹرانسپورٹ کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے آئے روز کلیف دہ پریشانی میں مبتلا رہتے ہیں گڈانی شہری آبادی کے کئی علاقوں میں گلیاں نہیں ہیں جس سے مکی کو دشواری کا سامنا رہتا ہے ک وسائوں سے گڈانی کے عوامی ترقیاتی فنڈز کو بے دردی سے اپنے من پسند اسکیمیں بنا کر لوٹا گیا ہے اور سلسلہ تا حال جاری ہے مقامی صنعتوں میں مقامی بے روزگاروں کو بغیر سفارش کے مزدوری نہیں ملتی ہوٹلوں و دیگر کھانے پینے کی دکانوں میں صفائی ستھرائی کا فقدان خرد ونوش کی قیمتوں کا کوئی نرخ نہیں جس کا جتنا جی چاہے وصول کرے آوارہ کتوں نیولوں چوہوں بلیوں مچھروں و دیگر حشرات الارض میں کوئی کمی نہیں جن کی وجہ سے لوگوں میں مختلف اقسام کی بیماریاں پیدا ہورہی ہیں ایمرجنسی میں نا بہتر ہسپتال نا فوری ایمبولینس کی سہولت موجود ہے بخار پیٹ درد کے لیے یا پورے تحصیل میں موجود عطائی ڈاکٹروں کے ہتھے چڑھ جائیں یا اچھی خاصی رقم ساتھ لے کر حب چوکی یا کراچی کا رخ کرتے ہیں جس مریضوں کو انتہائی تکلیف سے دو چار ہونا پڑتا ہے دوسری جانب مقامی نمائندے گڈانی کی ترقی وخوشحالی کی باتیں کرتے ہیں جو کہ زمینی حقائق کے برعکس ہے صرف نمائندوں کی خوشحالی و دیگر چند افراد کی خوش حالی عام عوام کی خوشحالی نہیں ہوتی ہے گڈانی میں سرکاری زمینوں و بلدیہ کی زمینیں بھی عام غریب عوام تک نہیں پہنچ سکیں ان تمام صورت حال کے باوجود حکومتی ذمہ داروں کے کانوں جوں نہیں رینگتی گڈانی کے عوام کی اربوں کروڑوں روپے فنڈز کو ہمیشہ سے من پسند اسکیموں کی آڑ میں خرد برد کیا جاتا رہا ہے حساب کون لے گا۔

شہر کو صاف رکھنا سب کی ذمہ داری ہے، محمد قیوم دہپال

سیوی (یو این اے) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سیوی محمد قیوم دہپال نے کہا ہے کہ سیوی شہر ہم سب کا مشترکہ گھر ہے، اسے صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ دکاندار اپنی دکانوں کا کچرا مخصوص جگہ یا کوڑا دان میں ڈالیں اور سڑکوں پر گندگی پھیلانے سے گریز کریں۔ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہر کی صفائی برقرار رکھنے اور ٹریفک کی روانی میں رکاوٹیں دور کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ سڑکوں پر کچرا پھینکنے اور ناجائز تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے شہریوں اور تاجروں سے اپیل کی کہ وہ میونسپل کمیٹی کے ساتھ تعاون کریں اور سیوی کو صاف ستھرا بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بارکھان، مچھر مار اسپرے نہ ہونے پر شہریوں کی شدید تشویش

بارکھان (یو این اے) ضلع بارکھان میں کافی عرصے سے مچھر مار اسپرے نہ ہونے کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جارہی ہے، جبکہ شہریوں کے مطابق ملیریا کے کیسز میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ شہریوں نے محکمہ صحت کی کارکردگی پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ مچھر مار اسپرے کے لیے مختص سرکاری فنڈز کی تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں۔ شہریوں کا سوال ہے کہ اسپرے کے لیے کتنی رقم مختص کی جاتی ہے اور اگر عملی طور پر اسپرے نہیں ہو رہا تو یہ رقم کہاں خرچ ہو رہی ہے؟ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی فوری تحقیقات کرکے غفلت کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور ضلع بھر میں مچھر مار اسپرے کا فوری انتظام کیا جائے تاکہ ملیریا سمیت مچھروں سے پھیلنے والی بیماریوں کی روک تھام ممکن بنائی جاسکے۔

مال بازار میں تجاوزات اور غلط پارکنگ، انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر

مال (آن لائن) مال بازار میں تجاوزات اور گاڑیوں کی غلط پارکنگ کے باعث آمدورفت میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ بازار کی سڑکوں پر غیر قانونی تجاوزات اور بے ترتیب پارکنگ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہورہی ہے، جس سے پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں کو گزرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے مؤثر نگرانی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے اقدامات نہ ہونے کے باعث صورتحال برقرار ہے۔ متعلقہ حکام سے مطالبہ ہے کہ مال بازار میں تجاوزات کے خاتمے، پارکنگ کے نظام کو بہتر بنانے اور ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

بابا کوٹ اور تمبو کے سیلاب متاثرین گھروں کی تعمیر کے منتظر

ویلیڈیشن اور فہرستیں مکمل ہونے کے باوجود عملی اقدامات نہ ہو سکے

سردیوں سے قبل سیلاب متاثرین کو چھت فراہم کی جائے، قربان علی عمرانی

نصیرآباد (یو این اے) اسلامک ریلیف کے تحت گھروں کی توثیق کا عمل مکمل ہونے اور متاثرہ خاندانوں کی فہرستیں تیار کیے جانے کے باوجود تحصیل بابا کوٹ اور تحصیل تمبو کے سیلاب متاثرین تا حال گھروں کی تعمیر کے منتظر ہیں، جبکہ سردیوں کی آمد کے پیش نظر بے گھر خاندانوں کی مشکلات میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ نیشنل پارٹی کے رہنما قربان علی عمرانی نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ خاندان پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں اور کئی خاندانوں کو تا حال چھت میسر نہیں آ سکی۔ گھروں کی توثیق اور متاثرین کی فہرستوں کی تیاری مکمل ہونے کے باوجود تعمیراتی کام میں تاخیر سے متاثرہ خاندانوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سردیوں کی آمد کے باعث بے گھر خاندانوں، خواتین، بچوں اور بزرگوں کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ متاثرین کی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے گھروں کی تعمیر اور بحالی کا عمل فوری طور پر تیز کریں تاکہ متاثرہ خاندانوں کو محفوظ رہائش فراہم کی جا سکے۔ قربان علی عمرانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی مشیر برائے محنت وافرادی قوت بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور ڈپٹی کمشنر نصیرآباد سے مطالبہ کیا کہ تحصیل بابا کوٹ اور تحصیل تمبو کے سیلاب متاثرین کی مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے اور اسلامک ریلیف کے متعلقہ حکام سے رابطہ کرکے گھروں کی تعمیر وفراہمی کے عمل میں تیزی لائی جائے، تاکہ سردیوں سے قبل متاثرہ خاندانوں کو چھت فراہم کی جاسکے۔

عوام کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، ایس ایچ او سٹی

شہر میں پولیس گشت بڑھا کر نگرانی مؤثر بنادی گئی ہے، مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع دیں

نصیرآباد (یو این اے) پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے ایس ایچ او غازی عبدالرف جمالی نے کہا ہے کہ امن وامان کا قیام اور عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے جرائم کی روک تھام اور علاقے میں امن برقرار رکھنے کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی اور ایمانداری سے ادا کر رہی ہے ایس ایچ او غازی عبدالرف جمالی نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے پولیس گشت اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنایا جا رہا ہے جبکہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ امن کا قیام اور عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے جرائم کی روک تھام اور علاقے میں امن برقرار رکھنے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا جرائم سے متعلق اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں انہوں نے کہا عوام اور پولیس کے درمیان باہمی اعتماد اور تعاون سے جرائم پر قابو پانے اور ایک پرامن معاشرے کے قیام کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔

اورماڑہ کے دیمی زر ساحل پر دو نایاب ریت کی لومڑیوں کے نشانات دریافت

نایاب سینڈ فاکس کی موجودگی کی تصدیق، قدرتی مسکن کے تحفظ اور نگرانی کے لیے اقدامات کی ہدایت

اورماڑہ (یو این اے) مکران کی ساحلی پٹی پر واقع اورماڑہ کے دیمی زر ساحل پر جنگلی حیات کے ماہر اور ماحولیاتی صحافی محمود سگار نے نایاب ریپل سینڈ فاکس کے دو جانوروں کے پیروں کے نشانات دریافت کیے ہیں۔ ان نشانات کا باریک بینی سے جائزہ لینے کے بعد ان کی سائنسی شناخت کی گئی، جسے علاقے میں اس نایاب نسل کی موجودگی کا اہم ثبوت قرار دیا جارہا ہے۔ محمود سگار کے مطابق اس سے قبل 14 جولائی 2026 کو اورماڑہ کے علاقے منچی میں مکران کوسٹل ہائی وے پر ایک ریپل سینڈ فاکس سڑک حادثے میں ہلاک ہوگئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ بھی اس خطے میں اس نسل کی موجودگی کا ثبوت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اورماڑہ کا ساحلی علاقہ ماضی میں ریت کے وسیع ٹیلوں پر مشتمل تھا، جہاں ریپل سینڈ فاکس اور ریڈ فاکس سمیت جنگلی حیات کی مختلف اقسام پائی جاتی تھیں۔ تاہم، انسانی آبادی میں اضافے اور قدرتی ماحول میں مداخلت کے باعث جنگلی جانوروں کے مسکن اور انسانوں کے درمیان موجود قدرتی فاصلے کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ محمود سگار کے مطابق علاقے میں ریڈ فاکس اور گیدڑ بھی پائے جاتے ہیں، جبکہ بلینفورڈز فاکس نامی ایک اور نایاب لومڑی چٹانی اور پہاڑی علاقوں تک محدود ہے۔ انہوں نے ساحل پر دو سینڈ فاکس کے نشانات ملنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ دریافت اس نسل کی بقا کی امید دلاتی ہے، تاہم اس کے تحفظ اور مسلسل نگرانی کے لیے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ اسسٹنٹ کنزرویٹر وائلڈ لائف آواران زاہد الدین نے محمود سگار کی کاوشوں کو علاقے میں جنگلی حیات کے تحفظ اور سائنسی تحقیق کے لیے اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی تحقیقات نایاب جانوروں کی موجودگی اور ان کے قدرتی مسکن کی نشاندہی میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ وائلڈ لائف حکام نے اورماڑہ میں تعینات عملے کو ہدایت کی ہے کہ وہ سگار کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھیں تاکہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے نایاب ریت کی لومڑیوں کی نگرانی کی جاسکے اور ان کے قدرتی مسکن کو محفوظ بنانے کے لیے اقدامات کیے جاسکیں۔

جامعہ گوادر کے زیر اہتمام فکری نشوونما اور بامقصد تعلیم 'کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد

نوجوانوں کی عملی وفکری تربیت وقت کی اشد ضرورت ہے، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر

گوادر (یو این اے) جامعہ گوادر کے شعبہ کوالٹی اینڈ انہانسمنٹ سیل کے زیر اہتمام دسک زیبت کے اشتراک سے کلاس روم سے آگے، فکری نشوونما، معز رہنمائی اور بامقصد تعلیم کے موضوع سے سیمینار میر احمد بخش آڈیٹوریم، پی سی ٹی وی آئی میں منعقد ہوا۔ سیمینار کی صدارت وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کی، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان مہمان خصوصی اور میرارشد گلشن اعزازی مہمان کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ سیمینار کا مقصد تعلیم کو روایتی کلاس روم کی حدود سے آگے بڑھاتے ہوئے طلبہ کی فکری، سماجی اور عملی تربیت، معز رہنمائی اور بامقصد سیکھنے کے مواقع کو فروغ دینا تھا۔ پروگرام کے پہلے سیشن میں پینل ڈسکشن کا اہتمام کیا گیا، جس کی نظامت گرانناز ہوت نے کی۔ پینل میں سماجی رہنما میر ارشد گلشن، انڈس ہسپتال کے ہیڈ آف کمیونٹی ڈاکٹر نا صرشیخ، ماہر تعلیم بلقیس سلیمانی اور فنینشل سپانکولوجسٹ فوزیہ ذوالفقار نے شرکت کی۔ پینلسٹس نے تعلیم، رہنمائی، ذہنی و سماجی نشوونما اور تعلیمی اداروں کے کردار سمیت مختلف اہم پہلوں پر اظہار خیال کیا۔ پینل ڈسکشن کے اختتام پر سوال وجواب کا سیشن منعقد ہوا، جس میں شرکا نے بھرپور دلچسپی لی اور مختلف سوالات کے ذریعے موضوع پر گفتگو میں حصہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے موضوع کے مختلف پہلوں پر تفصیلی خطاب کیا اور تعلیم، نوجوانوں کی رہنمائی اور معاشرتی ترقی کے لیے مثبت کردار کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ بعد ازاں صدر مجلس وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے خطاب کرتے ہوئے سیمینار کے انعقاد اور تعلیمی وسماجی حلقوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے اقدام کو سراہا۔ انہوں نے پینلسٹس، مہمانوں، پینلسٹس اور شرکا کا شکریہ ادا کیا اور تعلیم، رہنمائی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے ایسی سرگرمیوں کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب کے اختتام پر میر عبدالغفور ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین میر ارشد گلشن کی جانب سے جامعہ گوادر کے فیکلٹی ممبران کو اعزازی سوونیئر پیش کیے گئے، جبکہ پروگرام کے پینلسٹس کی جانب سے پینلسٹس کو اعزازی شیلڈز پیش کی گئیں۔

وندر شہر اور گردونواح میں تیز سمندری ہواں سے موسم گرد آلود، خنکی میں اضافہ

ہواؤں کے ساتھ ہی کے الیکٹرک نے بجلی منقطع کردی، شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

وندر (یو این اے) وندر شہر اور گردونواح میں موسم نے اچانک انگڑائی لے لی سمندری ہواں کا سلسلہ شروع ہوتے ہی موسم گرد آلود ہوگیا تیز اور ٹھنڈی ہواں کے باعث فضا میں مٹی اڑنے لگی جبکہ خنکی میں بھی اضافہ ہوگیا۔ ہواں کا سلسلہ شروع ہوتے ہی کے الیکٹرک کی جانب سے بجلی کی سپلائی معطل کردی گئی جس سے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگیا۔ بجلی کی بندش کے باعث گھریلو امور متاثر ہوئے جبکہ رات کے اوقات میں بجلی کی عدم فراہمی نے شہریوں کو پریشانی میں مبتلا کردیا۔ سمندری ہواں کا سلسلہ جاری رہنے کے باعث گرد آلود فضا اور بڑھتی ہوئی خنکی نے شہر اور گردونواح کو اپنی لپیٹ میں لیے رکھا۔ اڑنے سے شہریوں کو آمدورفت کے دوران بھی دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب ٹھنڈی سمندری ہواں کے باعث موسم میں خنکی بڑھ گئی اور رات کے اوقات میں سردی کا احساس ہونے لگا۔ موسم کی اچانک تبدیلی کے ساتھ ہی کے الیکٹرک کی جانب سے بجلی کی سپلائی معطل کردی گئی جس سے شہریوں کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق وندر شہر اور اس کے گردونواح میں منگل کی شب موسم میں اچانک تبدیلی آگئی اور سمندری ہوائیں چلنے سے موسم کا مزاج تبدیل ہوگیا۔ تیز اور ٹھنڈی ہواں کے باعث مختلف علاقوں میں گرد وغبار پھیل گیا جبکہ فضا میں مٹی

محکمہ پولیس میں سزا و جزا کے بغیر ترقی ناممکن ہے، خلیل اللہ کاکڑ

عوام کے جان ومال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ملزم کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا

صحبت پور (یو این اے) ایس پی صحبت پور خلیل اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ قانون سے بالاتر کوئی شخص نہیں ہوسکتا اور محکمہ پولیس میں سزا و جزا کے نظام کے بغیر ترقی کا تصور بھی ناممکن ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صحبت پور خلیل اللہ کاکڑ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے اعتماد کے بغیر پولیس کے ادارے کی کوئی حیثیت نہیں ہے، کیونکہ عوام کی جان و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت کرنا پولیس کے بنیادی فرائض میں شامل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملزم چاہے کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہو، اسے قانون کی گرفت سے کسی صورت بچنے نہیں دیا جائے گا۔ خلیل اللہ کاکڑ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محکمہ پولیس میں نااہل اور فرائض سے غفلت برتنے والے افسران کی کوئی گنجائش نہیں ہے، جبکہ ایماندار اور قابل افسران ہی دراصل محکمے کی اصل شان ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب تک ادارے میں شفاف سزا اور جزا کا نظام مؤثر طریقے سے لاگو نہیں کیا جاتا، محکمہ ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا۔

گندانہ میں فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر کا 95 فیصد کام مکمل، فنشنگ کی کارروائی تیزی سے جاری

گندانہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کی جانب سے عوامی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ اس سلسلے میں گندانہ میں فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر کا کام 95 فیصد مکمل ہوچکا ہے، جبکہ عمارت کی فنشنگ کا کام تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر مکمل ہونے سے گندانہ کے شہریوں کو ہنگامی حالات، خصوصاً آگ لگنے کے واقعات سے نمٹنے میں مدد ملے گی اور عوام کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ اس موقع پر ایکسین لوکل گورنمنٹ نصیر احمد چدرانی اور محمد یاسین جمالی صاحب اور نے زیر تعمیر فائر بریگیڈ آفس کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی کام جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ یہ اہم منصوبہ عوام کے لیے فعال ہوسکے۔ عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کی عوامی فلاح وبہبود کے لیے جاری کوششوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ فائر بریگیڈ آفس کی تکمیل سے گندانہ میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کی سہولیات میں بہتری آئے گی۔

گندانہ، وارڈ دلدارواہ میں اسٹریٹ سولر لائٹس نصب، شہریوں نے ایم سی چیئرمین کا شکریہ

گندانہ (آن لائن) وارڈ دلدارواہ میں اسٹریٹ سولر لائٹس نصب شہریوں نے ایم سی چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی کا شکریہ ادا کیا، میونسپل کمیٹی گندانہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی کی جانب سے ایم سی فنڈ سے اور گاؤں کی معزز شخصیت میر علی اکبر خان ولیانی، ملاں علی حسن جمالی اور عبداللہ جمالی کی زیر نگرانی وارڈ دلدارواہ گوٹھ علی اکبر خان جمالی کی مختلف گلیوں میں اسٹریٹ سولر لائٹس نصب کردی گئیں۔ اس اقدام کا مقصد علاقے میں روشنی کا بہتر انتظام کرنا، شہریوں کو رات کے وقت آمدورفت میں سہولت فراہم کرنا اور محلے کو روشن بنانا ہے۔ اسٹریٹ سولر لائٹس کی تنصیب سے وارڈ دلدارواہ کے رہائشیوں کو فائدہ پہنچے گا۔ علاقہ مکینوں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے میونسپل کمیٹی گندانہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی کی کاوشوں کو سراہا گیا

نال اور گردونواح میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبے تا حال نامکمل، عوام بنیادی سہولیات سے محروم

نال (آن لائن) نال اور گردونواح میں منظور شدہ ترقیاتی منصوبے تا حال نامکمل، عوام بنیادی سہولیات سے محروم، ضلعی انتظامیہ نوٹس لے نال اور گردونواح میں منظور ہونے والے بعض ترقیاتی منصوبے تا حال مکمل نہ ہوسکے، جس کے باعث عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے محروم ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی منظوری کا اصل مقصد عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا اور علاقے کی تعمیر وترقی کو یقینی بنانا ہے، لیکن منصوبوں کی بروقت تکمیل نہ ہونے سے یہ مقاصد پورے نہیں ہو رہے۔ ضلعی انتظامیہ خضدار سے مطالبہ ہے کہ نال اور گردونواح میں جاری اور نامکمل ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا جائے، کاموں میں تاخیر کی وجوہات معلوم کی جائیں اور متعلقہ ٹھیکیداروں کو منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کا پابند بنایا جائے تاکہ عوام کو ان منصوبوں سے حقیقی معنوں میں فائدہ پہنچ سکے۔

ژوب، ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی کارروائی، مین بازار میں تجاوزات کا خاتمہ

ژوب (یو این اے) ضلعی انتظامیہ اور چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب شاہ بران کاکڑ کی قیادت میں ڈپٹی چیئرمین دادخان مندوخیل، سب انسپکٹر شاہ محمد حری

لفظ ''تعصب'' ایک ایسا زہر ہے جو احساسِ برتری، تکبر اور حسد کے تخمِ خبیثہ سے پیدا ہوتا ہے اور اپنے جیسے انسانوں کو رنگ و نسل، قبائل، لسانیت، دولت، طاقت، دنیاوی جاہ و جلال، مذہب، عقیدے، مسلک، فرقے کی بنیاد پر نہ صرف حقیر سمجھتا ہے بلکہ ان کے وجود کے درپے ہو کر انہیں اپنا غلام بنا لینے کی کوشش کرتا ہے، جس کی وجہ سے جنگ و جدل اور قتل و غارت گری شروع ہو جاتی ہے۔ انگریزی میں یہ بات کہی جاتی ہے کہ:

theforeredslaughtareMen
gloryofsake

اس دھرتی پر جب سے انسان آباد ہوا ہے اُس وقت سے آج تک یہ تعصب ختم نہیں

محمد امین اللہ

ہوا بلکہ اس کی بنیاد پر بڑی بڑی جنگیں لڑی گئی ہیں۔ ہزار سال سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف صلیبی جنگ جاری ہے۔ اب تو یہود و نصاریٰ اور ہنود کے اتحادِ خبیثہ نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف سفاکی اور قتل و غارت گری کا بازار گرم کر رکھا ہے۔

تعصب اس لیے ایک متبادل دین ہے کہ یہ مغلوب قوموں اور انسانی گروہوں کو اپنی تہذیب و ثقافت اور نظام زندگی کے مطابق

چلنے کا پابند بناتا ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل قبائلِ عرب تعصب کی بنیاد پر جنگ و جدل میں مبتلا تھے۔ دورِ جاہلیت کی تین مشہور جنگیں چالیس سال تک چلتی رہی ہیں۔ وہ داحس و غبرا کی لڑائی تھی جو گھڑ دوڑ میں بے ایمانی کرنے کے نام پر شروع ہوئی تھی اور چالیس سال تک چلتی رہی، جس پر مولانا حالی نے کہا تھا:

کہیں تھا مویشی چرانے پہ جھگڑا
کہیں پہلے گھوڑا بڑھانے پہ جھگڑا
لبِ جُو کہیں آنے جانے پہ جھگڑا
کہیں پانی پینے پلانے پہ جھگڑا

بسوس نام کی ایک بڑھیا کی اونٹنی کو دوسرے قبیلے والے نے زخمی کر دیا تو لڑائی شروع ہوئی اور چالیس سال تک چلتی رہی۔ فجار کی لڑائی محترم مہینوں میں شروع ہوئی اور 40 سال تک ایک قبیلے والے دوسرے قبیلے والوں کی گردنیں کاٹتے رہے۔ اس جنگ و جدل کے حالات کو سورہ العادیات میں اللہ تعالیٰ نے اس طرح بیان کیا ہے ''دوڑتے ہوئے گھوڑوں کی قسم جو پھنکار مارتے ہوئے دوڑتے ہیں اور اپنی ٹاپوں سے

معاشرے کی عکاسی کی گئی ہے جس میں قبائلی تعصب و نفرت پر مبنی قتل و غارت گری تھی۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اسلامی معاشرہ قائم کیا اور مدینے میں اخوت اور بھائی چارے کی بنیاد پر جو چمنِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم وجود میں آیا اس میں مدینے کے انصار اور مکے کے مہاجر، فارس کے سلمانؓ فارسی، حبشہ کے بلالؓ حبشی اور روم کے سہیلؓ رومی حقیقی بھائیوں سے زیادہ محبت و اخوت سے رہتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا ''ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے''۔ ''مومن تو جسدِ واحد کی مانند ہیں، ایک حصے کا درد دوسرا حصہ محسوس کرتا ہے'' یعنی ایک مسلمان جہاں کہیں کا رہنے والا ہو اگر اُس کو تکلیف پہنچتی ہے تو عالمِ اسلام کے سارے مسلمان درد محسوس کرتے ہیں۔



کی بلکہ حقارت سے اس کو اپنے پیروں تلے روند ڈالا۔

آپؐ نے فرمایا ''لوگو! سنو، ہوسکتا ہے میں آج کے بعد اس طرح کے مجمع سے مخاطب ہونے کے لیے نہ رہوں۔ لوگو! تم سب آدم کی اولاد ہو، اللہ نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا۔ آج کے بعد کسی عربی کو کسی عجمی پر، کسی گورے کو کسی کالے پر، کسی امیر کو کسی غریب پر، اور نہ کسی کو حسب و نسب کی بنیاد پر برتری حاصل ہے۔ اللہ کی نظر میں وہی سب سے زیادہ برگزیدہ ہے جو اللہ سے سب سے زیادہ ڈرنے والا ہے۔ میں بڑائی کے تمام دعووں کو جو اِن تعصبات پر مبنی ہیں اپنے پیروں تلے روندتا ہوں۔'' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ التحریم کی آیت 13 کی تلاوت کی: (ترجمہ) ''اے انسانو! اللہ نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں مختلف قبائل میں تقسیم کر دیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ تمہارے درمیان وہی سب سے زیادہ عزت والا ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔ بے شک اللہ جاننے والا اور باخبر ہے۔''

اس فرمانِ باری تعالیٰ اور ہدایاتِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اگر کوئی مسلمان تعصبات کی بنیاد پر مسلمانوں کی اجتماعیت

میں دراڑیں ڈالتا ہے تو وہ مسلم امہ کا دشمن اور کفر کا آلہ کار ہے۔ آپؐ کی رحلت کے ساتھ ہی خاندانی اور قبائلی تعصبات سر اٹھانے لگے تھے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے پس پردہ جو محرکات نظر آتے ہیں اور آپؓ کے قاتل ابولولو فیروز کے شجرہ نسب کو دیکھا جائے تو اس میں ایرانی شہنشاہیت اور زرتشتیت کے خاتمے کا انتقام ہے۔ لیکن اس کے بعد ایران کے اندر ابولولو فیروز کا مزار اور اس کی ذات سے عقیدت اور اس کے مزار کا طواف چہ معنی دارد؟ پھر عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد قصاص کے حوالے سے دو خوف ناک جنگیں، خلافت کا ملوکیت میں تبدیل ہو جانا اور اس کے بعد کربلا کے الم ناک واقعے میں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ اہلِ بیت کی شہادت... اس کے پیچھے خاندانی رقابت کے سوا کیا ہو سکتا ہے؟ اس کے بعد سے آج تک اُمتِ مسلمہ متحد نہیں ہو سکی اور اس الیہ خلیج کو پاٹنے کے بجائے منافقینِ اسلام نے کفر کا آلہ کار بن کر امت کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے۔ حیرت کی بات ہے کہ جس امت کا رسول ایک، قرآن ایک، کلمہ ایک، قبلہ ایک، نمازوں کی تعداد ایک، روزوں کے ایام ایک، پھر بھی یہ امت اگر فرقے، مسلک، قبائل، زبان، رنگ و نسل، برادری اور طبقاتی تعصبات میں مبتلا ہو کر تقسیم در تقسیم کا شکار ہے اور ایک دوسرے کو کافر قرار دے رہی ہے اور ایک دوسرے کا قتل بھی جائز ٹھیراتی ہے تو اس کی ہوا نہیں اکھڑے گی تو کیا ہوگا!

میں مسلم دنیا میں ہونے والے سانحات اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ہے۔ برصغیر ہند و پاک اور بنگلہ دیش میں یہ تیر بہ ہدف نسخہ بڑا کارگر ثابت ہوا ہے جہاں پوری دنیا کے مسلمانوں کی آبادی کا 70 فیصد آباد ہے۔ آج پاکستان میں کوئی بھی اپنی پہچان پاکستانی کی حیثیت سے نہیں کراتا بلکہ سندھی، بلوچی، پٹھان، پنجابی، مہاجر ہی کے طور پر اپنی شناخت ظاہر کرتا ہے۔ جہاں تک مسلکی اور فرقہ وارانہ تعصب کا سوال ہے وہ اس قدر بڑھ چکا ہے کہ نہ مسجد، نہ امام بارگاہ اور نہ خانقاہ محفوظ ہے، بم دھماکوں اور آئے روز قتل و غارت گری میں ہزاروں معصوم مسلمان لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ لسانی بنگال تا ڈھاکا کے عوامل کا ذکر کروں گا جن کی بنیاد تعصبات کے ساتھ ساتھ شیطانی طاقتوں کی سازش بھی تھی، اس لیے کہ کافروں اور مشرکوں کو یہ بات اچھی طرح معلوم ہے کہ مسلمانوں کو اُس وقت تک شکست نہیں دی جا سکتی جب تک یہ آپس میں ایک دوسرے کے دشمن نہ بن جائیں۔ ترک خلافت کا خاتمہ جہاں حکمرانوں کی بدبختی تھی وہیں لارنس آف عربیہ کے کہنے پر ترکوں کے خلاف عربوں کی بغاوت تھی۔ اسپین کی 800 سالہ مسلم حکومت کا خاتمہ عربوں اور بربروں کی آپسی چپقلش کے ساتھ ساتھ بنو امیہ کے خلاف بنو عباس کی کارستانی بھی تھی۔ ہلاکو خان بغداد کی اینٹ سے اینٹ بجانے میں اُس وقت کامیاب ہوا جب خلیفہ معتصم باللہ کے وزیر اعظم یحییٰ علقمی نے غداری کی۔ سقوطِ بنگال میر جعفر کی غداری، سرنگاپٹم ٹیپو سلطان کے خلاف میر صادق کے وزیر اعظم کی غداری اور سقوطِ ڈھاکا یحییٰ خان، بھٹو اور مجیب الرحمٰن کی مشترکہ پاکستان دشمنی اور اقتدار کی ہوس کی وجہ سے ہوا۔ اس کے پیچھے نہ صرف ذاتی اغراض تھیں بلکہ حکمرانوں کے استحصال کے ساتھ ساتھ بنگالیوں کی غیر بنگالیوں سے نفرت بھی تھی۔

یہود و نصاریٰ اور ہنود نے مل کر مسلم دنیا میں تعصبات اور نفرتوں کو ہوا دینے کے لیے حسینہ واجد اپنے دورِ اقتدار میں جماعت اسلامی، بی این پی اور دیگر اپوزیشن لیڈروں اور کارکنوں کو ماورائے عدالت قتل کروا چکی ہے اور آئے دن سیاسی ہنگاموں میں سیکڑوں لوگ زخمی اور درجنوں ہلاک ہوتے ہیں۔ عرب و عجم کے درمیان نسلی خلیج ہے۔ اس سے بڑھ کر عرب دنیا میں بادشاہت اور آمریت نے اسلام پسندوں کے لیے جینا دوبھر کر دیا ہے، یہی وجہ ہے کہ آج حماس اور فلسطینیوں کے خلاف اسرائیل کی سفاکی اور نسل کشی کے خلاف جہاد میں حماس کی حمایت کے بجائے مسلم حکمران اسرائیل کی حمایت کر رہے ہیں۔ جب کہ اس ظلم کے خلاف امریکا اور یورپ کے ساتھ ساتھ آسٹریلیا تک کے انسانوں کا ضمیر جاگ چکا ہے اور لاکھوں کی تعداد میں لوگ سڑکوں پر اسرائیل کے خلاف اور فلسطین کے حق میں نعرہ زن ہیں، مگر مسلم دنیا میں سکوت طاری ہے۔

بے حسی کا زہر پی کر لوگ کب کے سو چکے
پتھروں کے اس نگر میں آدمی مت ڈھونڈیے
اپنی تہذیب کی لاش پہ رونے والا بھی کوئی نہیں
سب کے ہونٹوں پہ ہے یہ صدا اب یہ میت اٹھائے گا کون

ہزاروں بے گور و کفن بچوں کی لاشوں نے پتھروں کو بھی رلا دیا ہے مگر مسلم دنیا کے بے حس و بے غیرت حکمران خاموش تماشائی



بنے ہوئے ہیں۔

مسلمانوں کی عالمی تنظیم او آئی سی کا اجلاس صرف جنگ بندی کی قرارداد منظور کر کے برخواست ہو جاتا ہے۔

آج ہی کے لیے علامہ اقبال نے کہا تھا کہ:

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے
نیل کے ساحل سے لے کر تابہ خاکِ کاشغر

☆

سات صندوقوں میں دفن کردو نفرتیں
آج انساں کو محبت کی ضرورت ہے بہت
(بشیر بدر)

اک ہو جائیں تو بن سکتے ہیں خورشید مبیں
ورنہ ان بکھرے ہوئے تاروں سے کیا کام بنے
(ابوالمجاہد زاہد)

آؤ محبت کے گیت گنگنائیں
نہ شیعہ نہ سنی نہ دیوبندی بنیں
نماز روزہ قربانی و حج یہ سب باقی ہیں
مگر ٹوٹا باقی نہیں ہے
ہم باقی ہوتے تو کشمیر تا فلسطین، شرق تا غرب ہماری عزتوں کا نیلام گھر نہ لگتا۔

☆☆☆☆

تعصب نے کراچی میں ہزاروں نوجوانوں کو خاک و خون میں نہلا دیا۔

ہندوستان میں شیعہ سنی تو کم مگر دیوبندی، بریلوی اور اہلِ حدیث کی نفرت عروج پر ہے اور وہاں کا مسلمان متحد ہو کر ہندتوا کا

تعصب نے کراچی میں ہزاروں نوجوانوں کو خاک و خون میں نہلا دیا۔

ہندوستان میں شیعہ سنی تو کم مگر دیوبندی، بریلوی اور اہلِ حدیث کی نفرت عروج پر ہے اور وہاں کا مسلمان متحد ہو کر ہندتوا کا

ماں کے رشتہ کی قدر و منزلت

حافظ محمد ابراہیم نقشبندی

انسانی رشتوں میں سب سے زیادہ پیار و محبت کرنے والی ہستی ماں کی ہے۔ ماں ایک عظیم ہستی اور اور قابل رشک رشتہ ہے کہ اس کے فضائل قرآن کریم اور احادیث نبویہ میں کثرت کے ساتھ موجود ہیں ماں کی اپنی اولاد کے لیے محبت کے قصے تو ہر مذہب و ہر جگہ اَن گنت ہیں۔ بلاشبہ ماں اپنی اولاد سے بے تحاشا محبت کرتی ہے اور اس محبت میں کسی قسم کی غرض، کوئی مقصد یا فائدہ کارفرما نہیں ہوتا بلکہ یہ جذبہ بے غرض اور بے لوث ہے۔ ماں درحقیقت خدا کی عطا کردہ نعمتوں میں افضل ترین نعمت ہے، ماں بے لوث محبت اور قربانی کا دوسرا نام ہے، جس کا ذکر بھی اولاد کو سکون کا احساس دلاتا ہے۔ ماں اولاد کو ہمیشہ پھولوں کے بستر پر سلاتی ہے اور دنیا جہاں کے دکھوں

کو اپنے دامن میں سمیٹے لبوں پر مسکراہٹ سجائے رکھتی ہے۔ ماں اپنا وجود کاٹ کر، اپنے حصے کی خوشیاں چھوڑ کر اپنی اولاد کی چھوٹی چھوٹی خواہشوں اور بڑے بڑے ارادوں میں ان کی مددگار ہوتی ہے۔ لیکن اس کے باوجود بعض اوقات دیکھنے میں یہ آتا ہے کہ اس عظیم ہستی کے ساتھ اس کی اولاد ناروا سلوک کر جاتی ہے۔ بعض معاشروں میں تو بوڑھی والدہ کو ''اولڈ ہومز'' میں چھوڑ آتے ہیں، اسی طرح ہسپتالوں میں بھی ان کی مناسب دیکھ بھال نہیں ہوتی۔ ماں باپ کے بڑھاپے سے بعض لوگ اکتا جاتے ہیں، حالانکہ نبی کریمؐ کا ارشادِ گرامی ہے کہ جس نے بڑھاپے میں اپنے والدین کو پایا اور جنت حاصل نہیں کر سکا وہ تباہ و برباد ہو گیا۔

آج ہمارے معاشرے میں نہ ماں کی خدمت رہی نہ باپ کا احترام۔ شاید انہی لوگوں کے لیے اللہ رب العزت نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک والا معاملہ کرو، اگر ان میں سے کوئی ایک یا دونوں تمہارے پاس بڑھاپے میں پہنچ جائیں تو انہیں ''اف'' تک نہ کہو، اور نہ ہی ان کو جھڑکو اور ان سے بات کرو نرم لہجے میں آرام کیسا تھ۔ (سورہ بنی اسرائیل 23) اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے وضاحت سے بیان فرمایا کہ والدین کے سامنے اف تک نہ کرو۔ انہیں مارنا یا تکلیف پہنچانا تو بہت دور کی بات ہے۔ نیز حکم دیا کہ اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک اور ادب و احترام کے ساتھ بات کریں۔ والدین سے بات کرتے وقت کبھی بھی اپنی آواز کو اونچا نہ کریں بلکہ پست اور دھیمی آواز میں بات کریں تاکہ انہیں کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ قرآن کریم میں دوسرے مقام پر ارشادِ ربانی ہے جس میں اللہ رب العزت نے اپنے ساتھ والدین کا بھی شکر ادا کرنے کا حکم دیا ہے: میرا اور اپنے والدین کا بھی شکر ادا کرو۔ (سورہ لقمان: ۱۴)

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے، انہوں نے پیارے نبیؐ سے روایت کی کہ آپؐ نے فرمایا: ''(اس شخص کی) ناک خاک آلود ہو گئی، پھر (اس کی) ناک خاک آلود ہو گئی۔'' پوچھا گیا: اللہ کے رسول! وہ کون شخص ہے؟ فرمایا: ''جس نے اپنے ماں باپ یا ان میں سے کسی ایک کو یا دونوں کو بڑھاپے میں پایا تو (ان کی خدمت کر کے) جنت میں داخل نہ ہوا۔'' (رواہ مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا: ایک شخص نے آپؐ سے پوچھا: اللہ کے رسولؐ! لوگوں میں سے (میری طرف سے) حسن معاشرت کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''تمہاری ماں، پھر تمہاری ماں، پھر تمہاری ماں، پھر تمہارا باپ، پھر جو تمہارا زیادہ قریبی (رشتہ دار) ہو، (پھر جو اس کے بعد) تمہارا قریبی ہو۔'' (رواہ مسلم) حضرت جاہمہؓ نبی اکرمؐ کے پاس آئے، اور عرض کیا: اللہ کے رسول! میں جہاد کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں، اسکے لیے حاضر ہوا ہوں، آپؐ نے (ان سے) پوچھا: کیا تمہاری ماں موجود ہے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں، آپ نے فرمایا: ''ان ہی کی خدمت میں لگے رہو، کیونکہ جنت ان کے دونوں قدموں کے نیچے ہے''۔ (رواہ النساء)۔ کچھ عرصے سے عالمی سطح پر دنیا میں ہر سال ''مدرڈے'' منایا جاتا ہے، یہ دن ہر سال آتا ہے جو ہمیں یاد دلاتا ہے ماں کا رشتہ بہت پاکیزہ اور پرخلوص رشتہ ہے۔ لازم ہے کہ ہم اسے بھولیں نہیں بلکہ یاد رکھیں اور اپنے ذہن میں ہر وقت حاضر رکھیں، اس کے لیے صرف ایک دن، مغرب کا دیا ہوا، بخشا ہوا صرف ایک دن ''مدرڈے'' ہی نہ ہو بلکہ ہم مسلمانوں کے لیے تو ہر دن مدرڈے ہونا چاہیئے۔ صرف 12 مئی ہی نہیں۔

☆☆☆

☆☆

بے زبان جانوروں کی دیکھ بھال

مولانا قاری محمد سلمان عثمانی

اسلام دین فطرت ہے، اس کا پیغام امن و آشتی اور محبت کا پیغام ہے، اور اللہ کی رحمت صرف انسانوں تک محدود نہیں، ہر ذی روح تک محیط ہے۔ اس کے فیوض و برکات نے جہاں عالم انسانیت کو سیراب کیا، وہیں بے زبان جانوروں کو بھی اپنی رحمتِ بے کراں سے مالا مال کیا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں اہل عرب جانوروں کے ساتھ نہایت وحشیانہ سلوک کرتے تھے۔ اسلام نے ان بے زبان جانوروں کو بھی حقوق دیئے۔ اسلام نے ان کے حقوق متعین کر کے رہتی دنیا تک انہیں تحفظ فرما دیا اور ان سے بدسلوکی کرنے والوں کو دوزخ کے عذاب کی وعید سنائی۔ جانوروں کی اہمیت اور ان کی خصوصیات بیان کرنے کے لیے یہی کافی ہے کہ قرآن کریم میں اللہ جل شانہ نے دو سو آیات میں جانوروں کا ذکر فرمایا ہے، نبی کریمؐ کی تعلیمات میں تمام مخلوقات کے لیے جو محبت و رحمت کا پیغام ہے، وہ کسی اور کی تعلیمات میں نہیں ملتا۔ افسوس کہ دشمنان اسلام نے اسلام کو سفاکیت و ظلم کی شبیہ سے تشبیہ دی اور ہمارے سادہ لوح مسلمان ان کے اس فریب کا شکار ہو گئے۔ ایسے وقت میں اس بات کی شدید ضرورت ہے، رسول اکرمؐ کی ان مبارک تعلیمات سے امت کو آگاہ کیا جائے، جو سرتاپا رحمت ہی رحمت ہیں، تاکہ امت کو یہ احساس ہو سکے کہ ان کا رشتہ آس رحمۃ للعالمینؐ سے ہے، جن کی رحمت کا تعلق فقط انسان تک ہی محدود نہیں، بلکہ ان کے دامن رحمت کی وسعتیں تمام مخلوقات کو اپنے اندر لیے ہوئے ہیں۔

ہشام کہتے ہیں میں حضرت انسؓ کے ہمراہ حکم بن ایوبؒ کے پاس آیا۔ انہوں نے

نوجوانوں کو دیکھا کہ ایک مرغی کو باندھ کر مار رہے تھے۔ حضرت انسؓ نے فرمایا نبی کریمؐ نے جانوروں کو باندھ کر مارنے سے روکا ہے (صحیح بخاری) حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریمؐ کے قریب سے ایک ایسا گدھا گزرا، جس کے منہ کو آگ سے داغا گیا تھا، آپؐ نے اس گدھے کے ساتھ ایسا سلوک کرنے والے پر لعنت فرمائی (صحیح مسلم) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: ایک عورت کو بلی باندھ کر رکھنے کی وجہ سے عذاب دیا گیا، کیونکہ اس عورت نے نہ تو اسے کچھ کھلایا، نہ پلایا اور نہ ہی اسے آزاد کیا کہ وہ کچھ کھا پی لیتی (صحیح مسلم)

حضرت شداد بن اوسؓ سے مروی ہے کہ مجھے وہ دو باتیں ابھی تک خوب یاد ہیں جو میں نے رسول اللہؐ سے سنی تھیں: اللہ تعالیٰ نے ہر معاملے میں احسان کو لازمی قرار دیا ہے، جب تم قتل کرو تو اچھی طرح قتل کرو اور جب تم کسی جانور کو ذبح کرو تو اچھی طرح سے ذبح کرو اور اپنی چھری کو تیز کر لیا کرو، تاکہ اس کی وجہ سے ذبح ہونے والا جانور راحت پا سکے۔ (صحیح مسلم) حضرت سہل بن حنظلیہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ کا گزر ایسے اونٹ کے قریب سے ہوا جس کی کمر اس کے پیٹ کے ساتھ لگی ہوئی تھی (یعنی بھوک کی وجہ سے بہت دبلا ہو چکا تھا) آپؐ نے فرمایا کہ ان بے زبان جانوروں کے معاملے میں

اللہ سے ڈرو! انہیں اچھے طریقے سے سواری بناؤ اور انہیں کھلاؤ تو اچھے طریقے سے کھلاؤ (سنن ابو داؤد) حضرت عبداللہ بن جعفرؓ سے مروی ہے کہ آپؐ ایک انصاری کے باغ میں تشریف لے گئے، وہاں ایک اونٹ نے جب آپ کو دیکھا تو رونا شروع کر

دیا۔ نبی کریمؐ اس کے پاس تشریف لے گئے اور اس کے آنسو پونچھے، اس نے رونا بند کر دیا۔ آپ نے پوچھا کہ اس کا مالک کون ہے؟ ایک انصاری نے آ کر عرض کیا کہ یہ میرا اونٹ ہے۔ آپؐ نے فرمایا: آپ ان کے بارے اللہ سے کیوں نہیں ڈرتے؟ اس نے تمہیں ان کا مالک بنایا ہے۔ اونٹ نے مجھے آپ کی یہ شکایت کی ہے کہ تم اس سے کام زیادہ لیتے ہو اور بھوکا رکھتے ہو (سنن ابو داؤد) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: ایک شخص کہیں چلا جا رہا تھا کہ اسے پیاس نے بے تاب کر دیا، چنانچہ وہ کنویں میں اترا اور پانی پی لیا۔ اس کے بعد جب وہ کنویں سے باہر نکلا تو اس نے دیکھا کہ ایک کتا پیاس کی وجہ سے ہانپ رہا تھا اور شدت پیاس سے کیچڑ چاٹ رہا تھا۔ اس شخص نے خود سے کہا کہ اس کتے کو بھی میری ہی طرح پیاس لگی ہے، چنانچہ وہ دوبارہ کنویں میں اترا اور اپنے موزے میں پانی بھر لایا اور کتے کے سامنے رکھا، کتے نے پانی پیا اس کی جان میں جان آ گئی۔ اس وجہ سے اللہ رب العزت نے اس بندے کی قدردانی فرمائی اور اس کی مغفرت کر دی۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا کہ یارسول اللہؐ! کیا ہمیں جانوروں سے اچھا سلوک کرنے پر بھی اجر ملے گا؟ تو آپؐ نے فرمایا: ذی روح کے ساتھ اچھا سلوک کرنے پر اجر ہے (سنن ابو

داؤد) ایک دفعہ صحابہ کرامؓ نے نبی کریمؐ سے دریافت کیا کہ یارسول اللہؐ! کیا جانوروں (کی تکلیف دور کرنے) میں بھی ہمارے لئے اجر و ثواب ہے؟۔ آپؐ نے فرمایا: ہاں، ہر زندہ اور تر جگر رکھنے والے جانور (کی تکلیف دور کرنے) میں ثواب ہے (صحیح بخاری 5009 صحیح مسلم 2244)

☆☆☆☆

معاذ صداقت 360 ڈگری بیٹر ہیں، ایان بشپ

نوجوان بیٹ باز کی اچھی فارم پاکستان کے لیے بھی قرار ہے، کامیاب مستقبل کے لیے خوابوں ہوں گفتگو

کراچی (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے سابق کرکٹر ایان بشپ نے سری لنکا کے خلاف شاندار بیٹنگ پر پاکستان کے نوجوان بیٹر اوپنر معاذ صداقت کی تعریف کرتے ہوئے انہیں 360 ڈگری بیٹر قرار دیا ہے۔

ایان بشپ نے اپنی پوسٹ کے عنوان میں معاذ صداقت کو 360 ڈگری بیٹر مرادلیا ہے، بازے جو میدان کے مختلف حصوں میں مختلف انداز سے شاٹس کھیلنے کی صلاحیت رکھتا ہو، واضح رہے کہ معاذ صداقت کی جارحانہ بیٹنگ کی بدولت پاکستان نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 215 رنز بنالے تھے، پاکستان جاسوس ٹیم نے بھی 44 گیندوں پر 78 رنز کی اننگز کھیلی، جس میں 4 چھکے اور 9 چھکے شامل تھے، دوسری جانب سری لنکن ٹیم پاکستانی بولرز بھلا بلند نہ کرسکی اور 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر 133 رنز بنا سکی، محمد بدر دی اور محمد ریاض نے 2-2 وکٹیں حاصل کرکے میچ جیتنے میں اہم کردار ادا کیا۔

برسبین: بنگلہ دیش اور آسٹریلیا ویمنز ٹیم کی کھلاڑیوں کا وڈے سے قبل کے معمار آگر وپ فوٹو

مزمار یہ بازی بلے باز کی جارحانہ بیٹنگ، ٹیم کی شاندار جیت میں اہم کردار ادا کیا

ابراہیم کے نصف سنچری سے ہونے والے میچ میں ٹیم کی جیت میں کپتان محمد رضوان کا بھی اہم کردار رہا، انہوں نے 3 چوکوں کی مدد سے 32 رنز بنائے، ٹیم کی جیت میں 2 وکٹیں حاصل کرنے والے بولر ابرار احمد کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

معاذ صداقت کو پاکستان ٹیم کی شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی: محمد رضوان

لاہور (آئی این پی) پاکستان کے ون ڈے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ ہم کل کے لیے بھی معاذ صداقت کو پاکستان کی شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی محسوس کریں گے، یہ ہمارے لیے بہت اچھا ہے کہ ہمارے پاس ایسے ٹیلنٹڈ کھلاڑی ہیں جو ہمارے لیے کھیلنے کا خواب ہوتا ہے، ہم نے معاذ صداقت کو کہا ہے کہ وہ

ماہنامہ حکمت
"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال دار ہونے میں کوئی خطرہ نہیں ہے اور محبت رسول اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال داری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور اطمینان اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔"

خیبر پختونخوا: دہشت گردی، گورنر راج اور سیاسی امتحان

خیبر پختونخوا ایک بار پھر ملکی سیاست اور قومی سلامتی کی بحث کا مرکز بنا ہوا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (نواز) کی پارلیمانی پارٹی سے خطاب میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دی ہیں اور انھیں ہنڈیوں سہولیات کی فراہمی، امن و امان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مخلصانہ کوششیں کی جائیں گی۔ وزیراعظم نے جو کچھ کہا وہ واقعی ایک حقیقت ہے۔ خیبر پختونخوا کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کی گزشتہ دہائی میں جو قیمت ادا کی ہے وہ ملک کے کسی اور حصے نے ادا نہیں کی۔ بازاروں، مسجدوں، سکولوں اور تھانوں پر حملے ہوئے۔ پولیس اور سکیورٹی اہلکاروں، قبائلی عمائد، اساتذہ، علما اور عام شہریوں کی بڑی تعداد جان سے گئی۔ لاکھوں خاندانوں نے نقل مکانی کا دکھ سہا اور کاروبار، تعلیم اور معمولاتِ زندگی برسوں متاثر رہے۔ سوات کا آپریشن ہو یا قبائلی اضلاع کی کارروائیاں ان سب کا بوجھ سب سے زیادہ انھی لوگوں نے اٹھایا۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں جن اقدامات کا ذکر کیا، یعنی سکولوں، یونیورسٹیوں اور ہسپتالوں کو فعال بنانا، اور یہ کہ فراہمی، پولیس کی تربیت، محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی مضبوطی اور سیف سٹیز کا قیام، یہ واقعی بہت اہم معاملات ہیں لیکن دیکھنا یہ ہے کہ بات صرف سیاسی بیانات کی حد تک محدود رہتی ہے یا اس سے آگے بڑھ کر کچھ ایسے عملی اقدامات بھی کیے جاتے ہیں جن کی مدد سے عوام کو کچھ ریلیف ملنے کی امید پیدا ہوتی ہے۔ وزیراعظم کا یہ شکوہ کسی حد تک بجا ہے کہ ملک کو دہشت گردی کے چیلنج کا سامنا ہے اور ایسے وقت میں وفاقی حکومت کے ساتھ کھڑے ہونے، افواجِ پاکستان کا ساتھ دینے اور پولیس کو بااختیار بنانے کی بجائے دھرنوں، گالم گلوچ اور دشنام طرازی پر توجہ دی جا رہی ہے۔ لیکن اس معاملے کا دوسرا پہلو یہ بھی ہے کہ صوبائی حکومتیں اکثر یہ شکایت کرتی ہیں کہ وفاق انھیں مالی وسائل اور اختیارات میں پورا حصہ نہیں دیتا، اور ان کی یہ شکایات اپنی جگہ بہت اہمیت کی حامل ہیں۔ ایسے جنگی اور گورنر راج کے خاتمے کا فیصلہ ایک غیر معمولی قدم ہے۔ ہماری آئینی تاریخ میں گورنر راج کبھی خوش گوار حوالہ نہیں رہا۔ ماضی میں اس اختیار کو کئی بار سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا اور اس سے وفاق اور صوبوں کے تعلقات پر منفی اثرات مرتب ہوئے۔ اسی لیے آئینی ماہرین اور سیاسی مبصرین ایسے ہر فیصلے کو شک کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ ایمرجنسی کے خاتمے کا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ وہ محدود مدت اور واضح مقصد کے ساتھ ہو۔ اگر مقصد امن و امان کی بحالی اور دہشت گردی کا خاتمہ ہے تو وفاقی حکومت کو بتانا ہوگا کہ اس مقصد کے حصول کے لیے کون سے اہداف طے کیے گئے ہیں اور ان کا جائزہ کب اور کیسے لیا جائے گا۔ یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک عمارت، ایک حکومت یا ایک ادارے کی جنگ نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی بقا کا معاملہ ہے۔ سیاسی اختلافات اپنی جگہ مگر جب ملک کے ایک حصے میں ریاست کی رٹ کو چیلنج کیا جا رہا ہو تو سیاسی قیادت سے یہ توقع جائز ہے کہ وہ ذاتی اور جماعتی مفادات سے بلند ہو کر سوچے۔ وفاقی حکومت پر لازم ہے کہ وہ اپنے فیصلوں میں شفافیت لائے اور آئینی دائرے کی پابندی رکھے اور حزبِ اختلاف پر لازم ہے کہ وہ اختلاف کو دشنام اور انتشار کی بجائے دلیل اور ذمہ داری کے دائرے میں رکھے۔ اگر ایمرجنسی اور گورنر راج واقعی امن، ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا ذریعہ بنتے ہیں تو تاریخ اس فیصلے کو درست ٹھہرائے گی لیکن اگر یہ بھی ماضی کے وعدوں کی طرح محض اعلانات تک محدود رہے تو عوام کا ریاست اور اس کے اداروں پر اعتماد مزید مجروح ہوگا۔

وزیراعظم شہباز شریف کا مدبرانہ روڈ میپ

اسد اللہ غالب

کسی بھی زندہ اور غیرت مند قوم کی تاریخ میں ایسے سنگ میل ضرور آتے ہیں جہاں اسے داخلی انتشار اور بیرونی چیلنجز کے درمیان اپنی بقا اور سلامتی کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ پاکستان اس وقت ایک ایسے ہی نازک ترین دوراہے پر کھڑا ہے، جہاں ایک طرف سماجی بحالی کی موہوم سی کرنیں روشن ہو رہی ہیں تو دوسری طرف دہشت گردی کا عفریت اور سیاسی انتشار کی دھند ملکی ترقی کے سفر کو گہنا دینے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ ایسے مخدوش حالات میں ایک مدبر، بصیرت افروز قیادت کی اہمیت دوچند ہو جاتی ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی پارلیمانی پارٹی سے وزیراعظم محمد شہباز شریف کا عالیہ والہ انگیز اور حقیقت پسندانہ خطاب محض ایک سیاسی رہنما کا بیان نہیں، بلکہ وفاقی پاکستان کو درپیش سنگین خطرات کے سدِباب کے لیے ایک مخلصانہ، جامع اور قومی یکجہتی سے بھرپور تاریخی روڈ میپ ہے۔ وزیراعظم نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا ہے کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور بقا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

وزیراعظم شہباز شریف کے اس پورے خطاب کا اگر باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو اس میں وفاقیت کی مضبوطی اور تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنے کا ایک پختہ عزم نمایاں نظر آتا ہے۔ بالخصوص خیبر پختونخوا کے حوالے سے ان کے جذبات اور پالیسی بیانات ان کی وسیع القلبی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ خیبر پختونخوا پاکستان کا وہ خوبصورت اور سٹریٹجک خطہ ہے جس کے بہادر، غیور اور محبِ وطن عوام نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جتنی عظیم قربانیاں دی ہیں، تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ وزیراعظم نے ان قربانیوں کا نہ صرف کھلے دل سے اعتراف کیا بلکہ یہ پیغام بھی دیا کہ وفاق اس مٹی کے بیٹوں اور بیٹیوں کے خون کے ایک ایک قطرے کی قیمت جانتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو بنیادی سفری، تجارتی اور تعلیمی سہولیات کی فراہمی، امن و امان کی مستقل بحالی اور دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ کرنا وفاقی حکومت کا فرض عین ہے۔ صوبے میں تعلیمی اداروں، یونیورسٹیوں اور ہسپتالوں کو مکمل طور پر فعال بنانا، وہاں ادویات کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانا، پولیس فورس کی جدید خطوط پر تربیت، کاؤنٹر انٹیلی جنس ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کو جدید ترین وسائل سے لیس کرنا اور مخلوط نشستوں کے قیام کے لیے سیف سٹی منصوبوں کا آغاز کرنا وہ عملی اقدامات ہیں جو وزیراعظم کے وژن کا حصہ ہیں۔ یہ ترجیحات ثابت کرتی ہیں کہ موجودہ حکومت صرف کاغذی دعووں پر یقین نہیں رکھتی بلکہ وہ پختونخوا کے عوام کی محرومیوں کا ازالہ عملی طور پر کرنا چاہتی ہے۔

سیاسی پختگی اور جمہوری روایات کی پاسداری وزیراعظم شہباز شریف کی شخصیت کا خاصہ رہی ہے۔ موجودہ سیاسی ماحول میں جہاں نفرت اور تقسیم کی سیاست کو ہوا دی جا رہی ہے، وہاں وزیراعظم نے سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر صوبائی حکومت کے ساتھ تعاون کا جو ہاتھ بڑھایا، وہ ان کی اعلیٰ ظرفی کا عکاس ہے۔ گزشتہ ڈھائی سال کے دوران وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کی صوبائی قیادت کے ساتھ کر چلنے کی حتی الامکان کوششیں کیں۔ سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور ہوں یا بعد میں منتخب ہونے والے وزرائے اعلیٰ، وزیراعظم نے متعدد ملاقاتوں میں انہیں یہ یقین دلایا کہ وفاق ہر قدم پر ان کے ساتھ کھڑا ہے۔ شہباز شریف کا یہ موقف انتہائی مدبرانہ ہے کہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کا سفر اسی صورت ممکن ہے جب دہشت گردی کا مقابلہ کرنا کسی ایک جماعت یا صوبے کا نہیں بلکہ پورے وفاق اور قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ جب ہمارے سیکورٹی فورسز کے افسران، پاک فوج کے جوان، پولیس اہلکار اور معصوم شہری روزانہ کی بنیاد پر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہوں، تو ایسے میں سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کرنا ملک دشمنی کے مترادف ہے۔ وزیراعظم نے صوبائی حکومت کو مسلسل تعاون کا یقین دلا کر یہ واضح کر دیا کہ وہ سیاست پر ہمیشہ ریاست کو ترجیح دیتے ہیں۔

تاہم، وزیراعظم نے تاریخ کے ان تلخ حقائق سے بھی پردہ اٹھایا جنہیں فراموش کرنا قومی حافظے کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے گزشتہ دورِ حکومت میں، انتظامِ آپریشنز اور جامع پختون ایکشن پلان کے نتیجے میں پاکستان سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کر دیا گیا تھا اور سوات سمیت پورے ملک میں امن کا پرچم لہرا رہا تھا۔ لیکن بدقسمتی سے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت آنے کے بعد جو پالیسیاں اختیار کی گئیں، ان کے نتیجے میں سوات اور دیگر علاقوں میں دہشت گردوں کو دوبارہ سر اٹھانے اور واپس آنے کی کھلی چھوٹ مل گئی۔ اس فاش غلطی کا خمیازہ آج پوری قوم بالخصوص خیبر پختونخوا بھگت رہا ہے جہاں روزانہ انمول جوانوں اور جرگہ ممبرز کے جنازے اٹھ رہے ہیں۔ وزیراعظم نے قوم کو یاد دلایا کہ اسلام آباد کے ڈی چوک پر مہینوں جاری رہنے والے دھرنوں اور انتشار کے باعث پاکستان کو کتنا بڑا معاشی اور اقتصادی نقصان اٹھانا پڑا تھا۔ اسی منفی اور تخریبی سیاست کی ہی وجہ سے 2013 میں چینی صدر شی جن پنگ کا انتہائی اہم دورہ پاکستان مؤخر ہوا، جس کے نتیجے میں سی پیک (CPEC) جیسے عظیم الشان منصوبے مہینوں تاخیر کا شکار ہوئے۔ گزشتہ سال بھی جب وفاقی معاشی استحکام کے لیے کوشاں تھا، اسلام آباد پر چڑھائی اور دھرنوں کی کوششیں کی گئیں تاکہ دنیا کو یہ تاثر دیا جا سکے کہ پاکستان ایک غیر مستحکم ملک ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے بالکل درست اسٹریٹجک نکتہ اٹھایا ہے کہ ایسے دھرنے، انتشار اور امن و امان کی خراب صورتحال ملکی معیشت، غیر ملکی سرمایہ کاری اور بین الاقوامی ساکھ کے لیے زہرِ قاتل ہیں۔ وزیراعظم نے قوم کو یاد دلایا کہ اسلام آباد کے ڈی چوک پر مہینوں جاری رہنے والے دھرنوں اور انتشار کے باعث پاکستان کو کتنا بڑا معاشی اور اقتصادی نقصان اٹھانا پڑا تھا۔ اسی منفی اور تخریبی سیاست کی ہی وجہ سے 2013 میں چینی صدر شی جن پنگ کا انتہائی اہم دورہ پاکستان مؤخر ہوا، جس کے نتیجے میں سی پیک (CPEC) جیسے عظیم الشان منصوبے مہینوں تاخیر کا شکار ہوئے۔ گزشتہ سال بھی جب وفاق معاشی استحکام کے لیے کوشاں تھا، اسلام آباد پر چڑھائی اور دھرنوں کی کوششیں کی گئیں تاکہ دنیا کو یہ تاثر دیا جا سکے کہ پاکستان ایک غیر مستحکم ملک ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں ایک انتہائی اہم اور باریک نکتے کی وضاحت کی جو ان کی دیانت داری کو ظاہر کرتی ہے۔ جب بھی مسلم لیگ (ن) اقتدار میں آتی ہے اور ملکی معیشت سدھرنے لگتی ہے، تو مخصوص سیاسی ٹولہ دھرنوں اور احتجاجی سیاست کے ذریعے ترقی کا راستہ روکنے کے لیے میدان میں آ جاتا ہے۔ وزیراعظم نے قوم کو یاد دلایا کہ اسلام آباد کے ڈی چوک پر مہینوں جاری رہنے والے دھرنوں اور انتشار کے باعث پاکستان کو کتنا بڑا معاشی اور اقتصادی نقصان اٹھانا پڑا تھا۔ اسی منفی اور تخریبی سیاست کی ہی وجہ سے 2013 میں چینی صدر شی جن پنگ کا انتہائی اہم دورہ پاکستان مؤخر ہوا، جس کے نتیجے میں سی پیک (CPEC) جیسے عظیم الشان منصوبے مہینوں تاخیر کا شکار ہوئے۔ گزشتہ سال بھی جب وفاق معاشی استحکام کے لیے کوشاں تھا، اسلام آباد پر چڑھائی اور دھرنوں کی کوششیں کی گئیں تاکہ دنیا کو یہ تاثر دیا جا سکے کہ پاکستان ایک غیر مستحکم ملک ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب میں ایک انتہائی اہم اور باریک نکتے کی وضاحت کی جو ان کی دیانت داری کو ظاہر کرتی ہے۔ جب بھی مسلم لیگ (ن) اقتدار میں آتی ہے اور ملکی معیشت سدھرنے لگتی ہے، تو مخصوص سیاسی ٹولہ دھرنوں اور احتجاجی سیاست کے ذریعے ترقی کا راستہ روکنے کے لیے میدان میں آ جاتا ہے۔ وزیراعظم نے قوم کو یاد دلایا کہ اسلام آباد کے ڈی چوک پر مہینوں جاری رہنے والے دھرنوں اور انتشار کے باعث پاکستان کو کتنا بڑا معاشی اور اقتصادی نقصان اٹھانا پڑا تھا۔ اسی منفی اور تخریبی سیاست کی ہی وجہ سے 2013 میں چینی صدر شی جن پنگ کا انتہائی اہم دورہ پاکستان مؤخر ہوا، جس کے نتیجے میں سی پیک (CPEC) جیسے عظیم الشان منصوبے مہینوں تاخیر کا شکار ہوئے۔ گزشتہ سال بھی جب وفاق معاشی استحکام کے لیے کوشاں تھا، اسلام آباد پر چڑھائی اور دھرنوں کی کوششیں کی گئیں تاکہ دنیا کو یہ تاثر دیا جا سکے کہ پاکستان ایک غیر مستحکم ملک ہے۔

ایرانی بلوچستان میں گریٹ گیم کی پاکستان میں تپش

نصرت جاوید

گزشتہ کئی ہفتوں سے ہمارے رنگ دار اور سوشل میڈیا کی توجہ خیبر پختونخوا پر مرکوز ہے۔ وہاں گورنر راج یا اسمبلی تحلیل کا نعرہ زیر بحث رہا۔ اب ان دونوں کے امتزاج پر مبنی اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ ان کے نتائج پر تبصرہ آرائی قبل از وقت قیاس آرائی ہوگی۔ دہشت گردی مگر اس صوبے تک ہی محدود نہیں۔ دہشت گردی کی وجوہات فقط مقامی نہیں۔ برطانوی سامراج کی ہمارے خطے میں آمد کے چند ہی ماہ بعد 250 سال قبل زار شاہی کے تحت توسیع پسندی کے جنون میں مبتلا ہوئے روس کے ساتھ نام نہاد گریٹ گیم کا آغاز ہو گیا تھا۔ جو قضیہ شروع ہوا وہ روس میں کمیونسٹ انقلاب اور برطانیہ کی ہمارے خطے سے روانگی کے بعد بھی جاری رہا۔ اس کی ابتدا

نصرت جاوید

میں افغان جہاد اور بعدازاں مذکورہ جہاد کے سرپرستوں ہی کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف جنگ برسوں تک محیط جنگ جاری رہی۔ 2021 کے اگست میں اس کے انجام پر طالبان فاتح کی صورت کامل لوٹ آئے۔

طالبان کی بطور فاتح کامل واپسی کا ہم سادہ لوح پاکستانیوں نے نہایت خلوص سے خیر مقدم کیا۔ کچھ جیسے جنگی مگر متشدد کرتے رہے کہ غلامی کی زنجیریں کٹ جانے پر شادمان محسوس کرتے ہوئے ہمیں افغان قوم کی اجتماعی یادداشت ذہن میں رکھنا ہوگی۔ بطور فاتح کامل لوٹنے کے بعد طالبان نے اسے یاد رکھا۔ پاکستان میں اپنے نظریاتی بھائیوں کی امریکی افواج کے چھوڑے جدید ترین اسلحہ داروں کی مدد سے پشت پناہی میں مصروف ہو گئے اور اس کے نتیجے میں پاکستان کی ریاست اپنی تئیں طالبان کے لئے خیبر پختونخوا میں گورنر راج جیسی بگاڑی حالات کے خلاف مکمل ایک سیاسی جماعت کی منتخب حکومت کی فراغت ہے۔

دہشت گردی کا ذکر ہو تو بلوچستان بھی ذہن میں رکھنا ہوگا۔ خیبر پختونخوا کی طرح افغانستان وہاں بھی بدامنی بھڑکانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان کو سیاسی و معاشی استحکام سے محروم رکھنے کی خواہش میں بھارت افغانستان کا اہم شراکت دار بن چکا ہے۔ تاریخی حوالوں سے ایران کئی صدیوں سے ہمارے بلوچستان خصوصاً اس کی ساحلی پٹی پر توجہ دیتا رہا ہے۔ 1950 کی دہائی میں برطانیہ اور امریکہ نے سامراج دشمن ڈاکٹر مصدق کی حکومت کو سی آئی اے کی بھڑکائی سازش کے ذریعے ختم کیا۔ ایران میں شاہی نظام شدت سے بحال ہوا تو رضا شاہ پہلوی خود کو خطے کا تھانے دار سمجھنا شروع ہو گیا۔ ہمارے بلوچستان میں جمہوری نظام کا قیام اسے پسند نہیں تھا۔ ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کے اختیارات میں عربی زبان میں چھپے مضامین میں حاوی رجحانات کا جائزہ لیا تھا۔

ایران میں اسلامی انقلاب کے بعد اسرائیل بتدریج بلوچستان پر توجہ دینا شروع ہو گیا۔ ہمارے دوست یمن کی بلوچستان کے ساحل میں سرمایہ کاری نے مغربی ممالک کے سرمایہ دارانہ مفادات کو ضرب لگائی۔ مختصر ترین الفاظ میں یوں کہہ لیں کہ فقط بھارت اور افغانستان ہی نہیں عالمی اجارہ داری کی خواہش مند قوتیں باہم مل کر بلوچستان کے ساحل و وسائل پر للچائی نگاہ رکھے ہوئے ہیں۔ رواں برس کے مارچ کا آغاز ہوتے ہی اسرائیل نے امریکہ کے ساتھ مل کر ایران پر اعتقادِ جنگ مسلط کر دی تھی۔ اس جنگ کا آغاز اس بچگانہ خیال سے ہوا کہ اگر فضائی حملے سے ایران کے رہبر اعلیٰ کو شہید کر دیا جائے تو 1979 سے مسلط نظام کے خلاف ایرانی عوام امریکہ کو نجات دہندہ تصور کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل آئیں گے۔ ایران کی تاریخ و جغرافیہ سے جاہلانہ لاعلمی پر مبنی یہ خوش فہمی مگر جنگ مسلط ہونے کے پہلے روز سے غلط ثابت ہونا شروع ہو گئی۔ ایران کو آزاد کروانے کے بجائے امریکہ اور اسرائیل دنیا کو آٹا نے ہرمز کی بدولت آئے تیل، گیس اور کھاد سے محروم کر رہے ہیں۔ اس کے نتیجے میں پاکستان جیسے بے تحاشہ ممالک میں ناقابل برداشت مہنگائی کا جو عذاب نازل ہوا ہے اس سے نجات کے امکانات محدود سے محدود تر ہو رہے ہیں۔ ایک بات اگرچہ طے ہو چکی ہے اور وہ یہ کہ فی الوقت جنگ جاری رکھتے ہوئے امریکہ اور اسرائیل ایرانی حکومت سے اپنی شرائط منوا نہیں سکتے۔ سات سمندر پار اور بذاتِ خود تیل اور گیس کی دولت سے مالا مال ہوئے امریکہ غالباً ایران میں اپنی ہزیمت برداشت کر سکتا ہے۔ ایران کا اسلامی نظام مگر اسرائیل اپنی بقا کے لئے برداشت کر ہی نہیں سکتا۔

ایران پر براہِ راست جنگ مسلط کرنے کے بجائے وہاں کرد، بلوچ اور آذری علیحدگی پسندوں کی پشت پناہی کے ارادے مارچ 2026 کی جنگ کے آغاز سے قبل ہی نمایاں ہونا شروع ہو گئے تھے۔ بطور پاکستانی اگرچہ میں فقط بلوچستان کے حوالے سے اسرائیلی اداروں کا کھوج لگانے کی کوشش کر رہا۔ اس حوالے سے ہوئی کھوج کے دوران 2025 کے جون میں دریافت ہوا کہ اسرائیل کی پشت پناہی سے واشنگٹن میں قائم ہوئے ایک تھنک ٹینک میں بلوچستان پر توجہ دینے کے لیے ایک نئے شعبے کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جس تھنک ٹینک کا ذکر ہے اس کا نام ہے مڈل ایسٹ میڈیا ریسرچ انسٹی ٹیوٹ انگریزی میں یہ انسٹی ٹیوٹ (MEMRI) کے نام سے معروف ہے۔ اسے 1998 میں اسرائیل کی خفیہ ایجنسی سے اے کی بھڑکائی سازش کے ذریعے قتل کر دیا گیا۔ ایران میں شاہی نظام شدت سے بحال ہوا تو رضا شاہ پہلوی خود کو خطے کا تھانے دار سمجھنا شروع ہو گیا۔ ہمارے بلوچستان میں جمہوری نظام کا قیام اسے پسند نہیں تھا۔ ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت کے خاتمے کے بعد بھی ایران میں اپنی بڑھتی ہوئی طاقت کے بل بوتے پر وہ بلوچستان کی آزادی کی تحریک کی مدد کرتا رہا۔ 1979 کے انقلاب کے بعد ایران کی توجہ کا مرکز بلوچستان کے ساحل پر منتقل ہو گئی۔ ایران کی بندرگاہ چاہ بہار کو بھارت نے جدید سہولتوں سے مالا مال کر دیا۔ اس کے ذریعے بھارت افغانستان کو اپنی برآمدات بھیجتا ہے۔ ایران کی بلوچستان میں سرمایہ کاری کا بنیادی مقصد مشرق وسطیٰ کے امیر ممالک کو یہ پیغام دینا ہے کہ وہ اسرائیل کے ساتھ مل کر ایران کو کمزور کرنے کی کوشش نہ کریں۔ ایران کی بلوچستان میں سرمایہ کاری کا ایک مقصد پاکستان کو بھی خبردار کرنا ہے۔ ہمارے ہاں کے کئی سیاستدان اور صحافی ایران کے بہت قریبی دوست ہیں۔ ان کی اکثریت کو ایران کی بلوچستان میں سرمایہ کاری کا علم ہی نہیں۔ ان کی اکثریت کو یہ بھی علم نہیں کہ ایران کی بلوچستان میں سرمایہ کاری کا ایک مقصد پاکستان کو بھی خبردار کرنا ہے۔

خیبر پی کے میں اقتدار کا نیا طوفان

اسد اللہ غالب

خیبر پی کے کی سیاسی تاریخ ایک بار پھر ایسے نازک موڑ پر کھڑی ہے جہاں اقتدار، آئین، جمہوریت اور عوامی مفادات کے درمیان ایک نئی بحث جنم لے رہی ہے۔ صوبے میں گورنر راج کے نفاذ نے سیاسی منظرنامے کو یکسر تبدیل کر دیا ہے۔ اقتدار کے ایوانوں میں نئی صف بندیاں ہو رہی ہیں، سیاسی جماعتوں کے درمیان اختلافات شدت اختیار کر رہے ہیں اور عوام حیران ہیں کہ آخر ان کے صوبے کا مستقبل کس سمت جا رہا ہے۔

۱۱ اکتوبر کو صوبے میں گورنر راج نافذ ہونے کے بعد انتظامی اختیارات گورنر فیصل کریم کنڈی کو منتقل ہوئے تحریک انصاف کی صوبائی حکومت معطل ہوئی اور گورنر کی معاونت کے لیے گیارہ رکنی مشاورتی کونسل تشکیل دی گئی یہ تبدیلی محض انتظامی نہیں بلکہ اس کے سیاسی، آئینی اور سماجی اثرات بھی ہیں اس وقت سب سے اہم سوال یہ نہیں کہ گورنر راج میں کون بیٹھا ہے بلکہ یہ ہے کہ وہاں بیٹھنے والا شخص صوبے کے کروڑوں عوام کی امیدوں پر کس حد تک پورا اترتا ہے۔

خیبر پی کے گزشتہ کئی دہائیوں سے دہشت گردی، بدامنی، معاشی مشکلات، بے روزگاری اور سیاسی عدم استحکام کا سامنا کر رہا ہے اس صوبے کے عوام نے بے شمار قربانیاں دی ہیں ہزاروں خاندانوں نے اپنے پیاروں کو کھویا، کاروبار تباہ ہوئے، تعلیمی ادارے متاثر ہوئے اور ترقی کا سفر بار بار رکا۔ ایسے حالات میں عوام سیاسی تجربات سے زیادہ عملی اقدامات کے منتظر ہیں۔

گورنر فیصل کریم کنڈی کے سامنے اس وقت ایک بڑا امتحان ہے ان کے پاس انتظامی ذمہ داریاں بڑھ گئی ہیں، لیکن اختیارات کے ساتھ جواب دہی بھی بڑھتی ہے اگر صوبے میں امن قائم ہوتا ہے، عوامی ادارے بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں اور شہریوں کی مشکلات کم ہوتی ہیں تو یہ انتظامی کامیابی ہوگی لیکن اگر سیاسی محاذ آرائی میں اضافہ ہوا اور عوامی مسائل پس منظر میں چلے گئے تو موجودہ انتظام بھی تنقید سے محفوظ نہیں رہ سکے گا۔

وفاقی حکومت کا موقف ہے کہ صوبے میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی اور امن کے مسائل کے باعث غیر معمولی آئینی اقدامات ضروری تھے دوسری طرف تحریک انصاف نے گورنر راج کو سیاسی مداخلت قرار دیتے ہوئے اس کی مخالفت کی ہے دونوں موقف اپنی جگہ موجود ہیں، مگر فیصلہ کن اہمیت آئین، قانون، شفاف شواہد اور عوامی استحقاق کی ہے۔

یہاں ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا کسی صوبے میں سیاسی اختلافات کو انتظامی تبدیلی کے ذریعے مستقل طور پر حل کیا جا سکتا ہے؟ پاکستان کی سیاسی تاریخ بتاتی ہے کہ وقتی انتظامات بعض حالات میں فوری فیصلوں کا راستہ ضرور کھولتے ہیں لیکن پائیدار سیاسی استحکام کے لیے جمہوری اداروں کا مضبوط ہونا ناگزیر ہے اگر سیاسی قوتیں ایک دوسرے کو تسلیم کرنے کے بجائے مسلسل محاذ آرائی کا راستہ اختیار کریں تو اس کا نقصان بالآخر عام شہری کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔

خیبر پی کے میں امن و امان کا مسئلہ کسی ایک جماعت، حکومت یا شخصیت تک محدود نہیں یہ قومی سلامتی، سرحدی حالات، انتظامی صلاحیت، مقامی آبادی کے تعاون اور معاشی مواقع سے جڑا ہوا پیچیدہ معاملہ ہے دہشت گردی کے خلاف مؤثر حکمت عملی کے لیے پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں، مقامی انتظامیہ اور عوام کے درمیان مضبوط تعاون ضروری ہے صرف سخت بیانات سے امن قائم نہیں ہوتا امن کے لیے ٹھوس منصوبہ بندی، مؤثر معلومات، انصاف کی فراہمی اور عوامی اعتماد بنیادی شرائط ہیں خصوصاً ضم شدہ قبائلی اضلاع کے عوام آج بھی ترقی، روزگار، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولتوں کے حوالے سے کئی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں ان علاقوں میں دیرپا امن کے لیے مقامی اداروں پر اعتماد بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ مقامی لوگوں کو فیصلوں میں شریک کیا جائے، ان کی شکایات سنی جائیں اور ترقیاتی وعدوں کو عملی شکل دی جائے۔

اپنی دنیا آپ پیدا کر

اقبال کو پڑھنا دراصل اپنے آپ کو پڑھنا ہے۔ ان کے اشعار محض الفاظ کی خوب صورت ترتیب نہیں بلکہ انسانی روح کے دروازے پر دستک ہیں۔ ان کے ہاں شعر کبھی چراغ بن کر راستہ دکھاتا ہے اور کبھی تازیانہ بن کر سوئی ہوئی قوموں کو بیدار کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال کا کلام ایک صدی گزر جانے کے باوجود پرانا نہیں ہوا۔ وقت بدلا، دنیا بدلی، انسان کے مسائل کی نوعیت بدلی، لیکن اقبال کے سوال آج بھی وہی ہیں۔ انسان کون ہے۔ اس کے اندر پوشیدہ قوتیں کیا ہیں اور وہ اپنی زندگی کو محض حالات کا تابع بنانے کے بجائے اپنی تقدیر کا معمار کیسے بن سکتا ہے؟ یہی فکری سلسلے کی ایک نہایت معنی خیز کڑی ہے۔

اپنی دنیا آپ پیدا کر اگر زندوں میں ہے
سرِ آدم ہے ضمیرِ کن فکاں ہے زندگی

یہ صرف ایک شعر نہیں، اقبال کے تصورِ حیات کا ایک پورا فلسفیانہ منشور ہے۔ اقبال یہاں زندہ ہونے کو محض سانس لینے کے معنی میں استعمال نہیں کرتے۔ زندہ وہ ہے جس کے اندر فکر ہے، احساس ہے، ارادہ ہے، تخلیق کی خواہش ہے، جستجو ہے اور عمل کی قوت ہے۔ جو محض دوسروں کے بنائے ہوئے راستوں پر آنکھیں بند کر کے چلتا رہے، جس کی اپنی کوئی آرزو، کوئی فکری سمت اور کوئی تخلیقی پہچان نہ ہو، وہ بظاہر زندہ ہو سکتا ہے، مگر اقبال کے نزدیک زندگی کے حقیقی مفہوم سے محروم ہے۔ دوسرے مصرعے میں اقبال نے ضمیرِ کن فکاں کی ترکیب کے ذریعے انسان کے اندر موجود اس تخلیقی قوت کی طرف اشارہ کیا ہے جو اسے محض مادی دنیا کا تماشائی نہیں رہنے دیتی۔ قرآن کا تصورِ تخلیق ہمیں بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی امر کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کے لیے کن کا حکم کافی ہے۔ اقبال اسی تخلیقی قوت کا ایک عکس انسان کے اندر دیکھتے ہیں۔ انسان کو عقل، شعور، ارادہ اور اختیار عطا ہوا ہے، اس لیے وہ اپنے وجود کو سنوار سکتا ہے، اپنے ماحول کو بدل سکتا ہے اور اپنی دنیا کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کر سکتا ہے۔ اقبال کے نزدیک زندگی جمود کا نام نہیں بلکہ مسلسل تخلیق کا نام ہے۔ اسی لیے وہ ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں کی تلاش کو انسان کا سب سے بڑا مقصد قرار دیتے ہیں۔

ابھی عشق کے امتحان اور بھی ہیں
گویا منزل کوئی آخری پڑاؤ نہیں۔

انسان جس بلندی کو آج اپنی انتہا سمجھ رہا ہے، کل اس سے آگے ایک نئی بلندی اس کی منتظر ہے۔ یہی اقبال کی فکر کا امتیاز ہے کہ وہ انسان کو حاصل شدہ کامیابی پر بیٹھنے نہیں دیتے بلکہ ہر کامیابی کے بعد ایک نئی جستجو کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

انسان جس بلندی کو آج اپنی انتہا سمجھ رہا ہے، کل اس سے آگے ایک نئی بلندی اس کی منتظر ہے۔ یہی اقبال کی فکر کا امتیاز ہے کہ وہ انسان کو حاصل شدہ کامیابی پر بیٹھنے نہیں دیتے بلکہ ہر کامیابی کے بعد ایک نئی جستجو کا دروازہ کھول دیتے ہیں۔

طارق محمود مرزا

تاریخ، قدرت کی طرف دیکھیے تو ہر طرف حرکت اور نشوونما کا یہی قانون نظر آتا ہے۔ ایک چھوٹا سا بیج مٹی کے اندھیرے میں دفن ہوتا ہے، مگر وہ اسی تاریکی کو اپنی قبر نہیں بناتا۔ اس کے اندر زندگی کی ایک ایسی قوت ہوتی ہے جو اسے زمین کا سینہ چیر کر روشنی کی طرف بڑھنے پر مجبور کرتی ہے۔ اقبال اسی منظر کو دیکھ کر کہتے ہیں:

ظلمت کدۂ خاک پہ شاکر نہیں رہتا
ہر بیج کہ دانے کو جنوں نشو و نما کا

یہاں دانا محض بیان کا نہیں، انسانی وجود کی علامت بھی بن جاتا ہے۔ جس طرح بیج اپنی پوشیدہ قوت کو بروئے کار لا کر درخت بنتا ہے، اسی طرح انسان کے اندر بھی امکانات پوشیدہ ہی

عوامی اشتہارات

Himmat Classfied

اطلاع عام

مجھے یار محمد ولد روزی محمد خان قومی شناختی کارڈ نمبر 54401-3099688-3 کو نادرا پاک آئی ڈی سے معلوم ہوا ہے کہ میرے نام پر چار عدد موٹر سائیکل رجسٹرڈ ہیں جبکہ اصل میں میں نے کوئی موٹر سائیکل اپنے نام سے رجسٹر نہیں کرایا ہے لہذا جلد از جلد میرے نام پر رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن منسوخ کی جائے۔

المشتہر۔ یار محمد ولد روزی محمد خان

بقیہ 1

تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں اور اے ون روڈ کے بجٹ کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان چیف انجینئر آفیسران کے علاوہ دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے اجلاس کو لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں اور اے ون روڈز بجٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ بھرتیوں کے پورے عمل کو مؤثر منظم اور غیر جانب دار بنایا گیا ہے تاکہ کسی امیدوار کو شکایت کا موقع نہ ملے انہوں نے کہا کہ محکمہ میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کے سلسلے میں سپریم کورٹ کے فیصلے اور متعلقہ احکامات کے مطابق من و عن عمل درآمد کیا جا رہا ہے جبکہ امیدواروں کی جانب سے جمع کرائی گئی دستاویزات کی جانچ پڑتال کا عمل بھی جاری ہے سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ انہوں نے حال ہی میں اپنے عہدے کا چارج سنبھالا ہے اور وہ جلد کوئٹہ پریس کلب میں ایک خصوصی نشست کے دوران ٹریفک پولیس کے اقدامات، جاری اصلاحات اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیں گے۔ انہوں نے پریس کلب کے عہدیداروں اور صحافیوں کا تعاون پر شکریہ بھی ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ پروجیکٹ کے تحت نصب ٹریفک سگنلز کو فعال بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ صحافیوں کی جانب سے جن مقامات پر سگنلز کی خرابی اور ٹائمنگ کے مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے، ان کا جائزہ لے کر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ شہریوں کو ٹریفک کی روانی میں درپیش مشکلات سے نجات دلائی جاسکے۔

بقیہ 2

ڈی ایس این جی انجینئر اور 2 ڈرائیورز اور روزنامہ زمانہ ملازمین کو فارغ کرکے بے روزگار کردیا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ 92 نیوز انتظامیہ کا یہ اقدام نہ صرف غیر قانونی بلکہ ظالمانہ اور جابرانہ ہے 92 انتظامیہ کے اس اقدام نے ثابت کردیا ہے کہ ملک میں آئین اور قانون صرف کتابوں اور کاغذوں تک محدود ہوکر رہ گیا ہے جبکہ وفاقی حکومت اور اسے وزارت اطلاعات کے دعوے بھی بے سود ثابت ہورہے ہیں۔ پی یو جے قیادت نے خبردار کیا ہے کہ 92 انتظامیہ کے اس جابرانہ فیصلے کے خلاف ہر سطح پر آواز اٹھائی جائے گی قیادت نکالے جانے والے اپنے میڈیا ورکرز کیساتھ ہے، صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے حقوق و روزگار کے تحفظ کیلئے بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ 92 نیوز کا یہ اقدام ماضی میں ٹی وی چینلز کے انتظامیہ کی جانب سے کوئٹہ میں اپنے بیورو بند کرکے ملازمین کو روزگار سے محروم کرنے کا تسلسل ہے اس سے مختلف ٹی وی چینلز کی جانب سیکوئٹہ میں اپنے بیورو دفاتر بند کرکے بڑی تعداد میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو ملازمتوں سے بے روزگار کیا بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے کی خبروں کیلئے ان اداروں نے ایک ایک رپورٹر یا کیمرہ مین رکھے ہوئے ہیں جبکہ وفاقی حکومت ٹی وی چینلز کے ان جابرانہ اور غیر قانونی اقدامات پر خاموش تماشائی بنی رہی۔ اب ایک بار پھر ٹی وی چینلز مالکان نے بیورو آفسز بند کرنے کا سلسلہ شروع کردیا ہے اگر وفاقی حکومت ماضی میں ٹی وی چینلز مالکان کے غیر قانونی اقدامات اور ملازمین کو بے روزگار کرنے کا سختی سے نوٹس لیتی تو آج نوبت یہاں تک نہ پہنچتی۔ بیان میں وفاقی حکومت، وفاقی وزارت اطلاعات، سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات میڈیا اور بلوچستان حکومت 92 نیوز انتظامیہ کے ملازم دشمن رویے اور اقدامات کا فوری نوٹس لیں اور ملازمت سے برطرف کئے ملازمین کو دوبارہ بحال کیا جائے۔ پی یو جے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے فیصلے کے مطابق میڈیا اداروں سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی اور اس سلسلے میں ہر گز خاموش نہیں رہا جائے گا۔

بقیہ 3

ڈخائر 16 ملین ڈالر بڑھ کر 21 ارب 46 کروڑ 95 لاکھ ڈالر ہوگئے۔ دستیاب اعداد وشمار کے مطابق 9 اکتوبر 2026ء تک پاکستان کے زرمبادلہ کے مجموعی سیال ڈخائر 26 ارب 86 کروڑ 33 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیے گئے، جن میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پاس موجود 21 ارب 46 کروڑ 95 لاکھ ڈالر اور کمرشل بینکوں کے ڈخائر 5 ارب 39 کروڑ 38 لاکھ ڈالر شامل ہیں۔

بقیہ 4

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ باہمی رابطوں کو مزید مضبوط اور مستحکم بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی موجود تھے۔

بقیہ 5

مختص کرنے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین صدیوں پر محیط ثقافتی روایات اور منفرد ہنرمندی کی امین ہیں۔ بلوچی کشیدہ کاری، روایتی ملبوسات، قالین بافی اور دیگر دستکاریوں میں ان کی مہارت صوبے کی تہذیبی شناخت کا اہم حصہ ہے، جسے قومی اور عالمی سطح پر موثر انداز میں پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین ہنرمندوں کو ملکی و بین الاقوامی ثقافتی نمائشوں میں شرکت کے منظم مواقع فراہم کرنے سے نہ صرف ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو پذیرائی ملے گی بلکہ ان کے لیے معاشی خودمختاری اور روزگار کے نئے امکانات بھی پیدا ہوں گے۔ ڈاکٹر رباب خان بلیدی نے قومی نمائندگی کے لیے خواتین ہنرمندوں کی تلاش، تربیت اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے بھرپور اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں گوادر پورٹ کے ذریعے ایران کے ساتھ زمینی تجارت، ٹی آئی آر (TIR) نظام اور تجارتی سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا تھا کہ عملی پیش رفت کو یقینی بنانے اور مسائل کے حل کے لیے دوسرا اجلاس گوادر میں منعقد کیا جائے گا، جس میں متعلقہ حکام، تاجر برادری اور کلیئرنگ ایجنٹس کی شرکت سے تجارتی مسائل کے حل اور سرحدی تجارت کے فروغ کے لیے اقدامات کو آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ 6

صدر، کابینہ اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر شہر میں ٹریفک کی موجودہ صورتحال، عوامی شکایات، ٹریفک سگنلز کی خرابی اور نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایس ایس پی ٹریفک نے کہا کہ انہوں نے حال ہی میں اپنے عہدے کا چارج سنبھالا ہے اور وہ جلد کوئٹہ پریس کلب میں ایک خصوصی نشست کے دوران ٹریفک پولیس کے اقدامات، جاری اصلاحات اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیں گے۔ انہوں نے پریس کلب کے عہدیداروں اور صحافیوں کا تعاون پر شکریہ بھی ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ پروجیکٹ کے تحت نصب ٹریفک سگنلز کو فعال بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ صحافیوں کی جانب سے جن مقامات پر سگنلز کی خرابی اور ٹائمنگ کے مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے، ان کا جائزہ لے کر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ شہریوں کو ٹریفک کی روانی میں درپیش مشکلات سے نجات دلائی جاسکے۔

بقیہ 7

شدید صدمے کا باعث بنا ہے۔ انہوں نے جاں بحق ہونے والے طلبہ کے سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت اور مخلصانہ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ اور جمعیت علما اسلام کے تمام کارکنان سوگوار خاندانوں کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق بچوں کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام اور تمام لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائے۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے حادثے میں زخمی ہونے والے تمام بچوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی خصوصی دعا کی ہے۔

بقیہ 8

فوری ٹونس لیتے ہوئے زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی اور بہتر علاج کے لیے متحرک کے انتظامات کیے۔ اس اقدام کو سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ قرار دیا جارہا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے اصلاحات کو عملی نتائج سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔ حکومتی اداروں کی افادیت کا تعین ان کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار سے ہونا چاہیے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ہر محکمہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر انداز میں ادا کرے اور کارکردگی کو قابل پیمائش نتائج سے منسلک کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور اداروں کی استعداد کار میں اضافہ بہتر طرز حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے۔ محکموں کی تنظیم نو اور اصلاحات کے عمل میں عملی ضروریات، انتظامی کارکردگی اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت دی جائے، تاکہ سرکاری مشینری کو زیادہ فعال اور جواب دہ بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور فرائض کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ محکموں کی ذمہ داریوں اور دائرہ کار کا واضح تعین انتظامی امور میں بہتری لانے اور کارکردگی بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر زور دیا کہ اصلاحات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں کو زیادہ مؤثر بنانا اور عوام کو بروقت اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے میں بہتری کے لیے ایسی تجاویز کو اہمیت دی جانی چاہیے جو حکومتی امور میں شفافیت، جواب دہی اور کارکردگی کو فروغ دینے میں معاون ہوں۔ اجلاس میں مختلف صوبائی محکموں کی موجودہ کارکردگی، انتظامی ڈھانچے اور فعالیت سے متعلق تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے اصلاحاتی عمل کو نتیجہ خیز بنانے کے امور پر غور کیا گیا۔

بقیہ 9

تھے، جبکہ وفد میں ایکسپورٹر تلنتان امان اللہ جمالدینی، گوادر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر جمیل ہوت اور شمس الحق کلمتی، جبکہ سابق جنرل سیکریٹری خالد سیف شامل تھے۔ اجلاس میں گوادر پورٹ سے گبد/ریمدان 250 بارڈر کے ذریعے تجارت کے فروغ، ٹرانسپورٹیشن، کسٹمز، سیکیورٹی، کنٹینرز کی نقل وحرکت اور ٹی آئی آر (TIR) نظام سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ اس موقع پر زور دیا گیا کہ گوادر سے ایران کے سرحدی علاقے تک مختصر ترین زمینی راستے سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دی جائے اور گبد/ریمدان کوریڈور کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ اجلاس میں گبد/ریمدان بارڈر پر پارکنگ، وزن کرنے کے کانٹے اور دیگر سرحدی سہولیات کی عدم دستیابی یا ان سے متعلق مسائل بھی زیر غور آئے۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ ان مسائل اور تجارتی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے کسٹمز سمیت دیگر متعلقہ حکام کے ساتھ ہونے والے اجلاس میں امور کو اجاگر کیا جائے گا، تاکہ سرحدی تجارت کو سہل بنانے اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جاسکیں۔ واضح رہے کہ آنے والا اجلاس 8 اکتوبر 2026ء کو کراچی میں ڈی جی ٹرانزٹ اینڈ ٹریڈ کسٹم کی زیر صدارت منعقدہ ٹرانزٹ ٹریڈ اجلاس کا تسلسل ہوگا۔ کراچی اجلاس میں گوادر پورٹ کے ذریعے ایران کے ساتھ زمینی تجارت، ٹی آئی آر (TIR) نظام اور تجارتی سرگرمیوں میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا تھا کہ عملی پیش رفت کو یقینی بنانے اور مسائل کے حل کے لیے دوسرا اجلاس گوادر میں منعقد کیا جائے گا، جس میں متعلقہ حکام، تاجر برادری اور کلیئرنگ ایجنٹس کی شرکت سے تجارتی مسائل کے حل اور سرحدی تجارت کے فروغ کے لیے اقدامات کو آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ 10

قوت خرید میں کمی نے عام شہریوں کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے، جبکہ بلوچستان کے عوام کو بھی بنیادی سہولیات، روزگار، تعلیم، صحت اور امن وامان کے حوالے سے متعدد مسائل کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، معدنیات اور انسانی صلاحیتوں سے مالا مال صوبہ ہے، لیکن ان وسائل سے عام شہریوں کو حقیقی فائدہ پہنچانے کے لیے ضروری ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے، نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں اور تعلیم وصحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ صوبے کے دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پسماندگی کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کیے بغیر عوام کی محرومیوں کا ازالہ ممکن نہیں۔ سید امان شاہ نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام سیاسی قوتیں جمہوری اصولوں، آئین کی بالادستی، باہمی احترام اور قومی مفاد کو مقدم رکھیں۔ سیاسی اختلافات کو محاذ آرائی میں تبدیل کرنے کے بجائے مذاکرات اور افہام وتفہیم کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کیا جائے، کیونکہ سیاسی کشیدگی اور غیر یقینی صورتحال کے اثرات براہ راست معیشت، کاروبار اور عوامی زندگی پر مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کا قیام، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور عوام کے بنیادی حقوق کی فراہمی ریاستی اداروں اور حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ صوبے میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے کہ عوامی اعتماد کو مضبوط بنایا جائے، نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں اور معاشی مواقع کی طرف راغب کیا جائے اور مقامی آبادی کو ترقیاتی عمل میں مؤثر نمائندگی دی جائے۔

بقیہ 11

کے والدین اور دیگر اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس کربناک گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کا دکھ پوری قوم کا دکھ ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم بچوں کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے والدین اور لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت دے اور حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کو جلد مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ زخمی بچوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے اور انہیں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں بچوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اسکولوں کی عمارتوں کی تعمیر، دیکھ بھال اور حفاظتی معیارات پر عمل درآمد کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ تعلیمی اداروں کی عمارتوں کا فنی معائنہ کرنے، تعمیراتی نقائص کی نشاندہی اور حفاظتی ضوابط پر مؤثر عمل درآمد کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں، تاکہ مستقبل میں ایسے المناک واقعات کی روک تھام ممکن بنائی جاسکے۔

بقیہ 12

واقعے میں تاحال کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ ایس ایچ او موقع پر موجود ہیں۔

بقیہ 13

کی بڑی تعداد بھی ان کے ہمراہ تھی، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے محمد ریاض احمد ایڈووکیٹ کے اہلخانہ سے ملاقات میں ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد اور کامل صحت عطا فرمائے۔

بقیہ 14

نے مزید محکموں کی کارکردگی، انتظامی امور اور استعداد کار سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ محکموں کی فعالیت بہتر بنانے اور تنظیم نو کے لیے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سرکاری محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے، انتظامی ڈھانچے کو مؤثر بنانے، سرکاری وسائل کے بہتر استعمال اور عوام کو خدمات کی فراہمی کے معیار میں بہتری لانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری کے لیے اصلاحات کو عملی نتائج سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔ حکومتی اداروں کی افادیت کا تعین ان کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار سے ہونا چاہیے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ہر محکمہ اپنی ذمہ داریوں کو مؤثر انداز میں ادا کرے اور کارکردگی کو قابل پیمائش نتائج سے منسلک کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور اداروں کی استعداد کار میں اضافہ بہتر طرز حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے۔ محکموں کی تنظیم نو اور اصلاحات کے عمل میں عملی ضروریات، انتظامی کارکردگی اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت دی جائے، تاکہ سرکاری مشینری کو زیادہ فعال اور جواب دہ بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور فرائض کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ محکموں کی ذمہ داریوں اور دائرہ کار کا واضح تعین انتظامی امور میں بہتری لانے اور کارکردگی بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر زور دیا کہ اصلاحات کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں کو زیادہ مؤثر بنانا اور عوام کو بروقت اور معیاری خدمات کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے میں بہتری کے لیے ایسی تجاویز کو اہمیت دی جانی چاہیے جو حکومتی امور میں شفافیت، جواب دہی اور کارکردگی کو فروغ دینے میں معاون ہوں۔ اجلاس میں مختلف صوبائی محکموں کی موجودہ کارکردگی، انتظامی ڈھانچے اور فعالیت سے متعلق تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے اصلاحاتی عمل کو نتیجہ خیز بنانے کے امور پر غور کیا گیا۔

بقیہ 15

گے، جس میں قانون سازی، صوبائی امور اور عوام کو درپیش اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ تمام اراکین اسمبلی کو مقررہ وقت پر اجلاس میں شرکت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 16

علاقے میں کالونی میں نئی اسکول کی عمارت گرنے سے خاتون ٹیچر سمیت کم از کم 30 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوئے۔ محترمہ مینا مجید بلوچ نے معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی دلخراش سانحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں اور اساتذہ کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اور زخمی بچوں کی بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 17

جانوں کے ضیاع نے ہر دردِ دل رکھنے والے انسان کو غمزدہ کر دیا ہے، حکومت اور ضلعی انتظامیہ افسوسناک واقعہ کے ذمہ داروں کا تعین کرکے انکے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حاجی میر یونس بلوچ نے کہا کہ ہم اور بلوچستان کے عوام دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہیں تعلیمی اداروں میں بچوں کی حفاظت حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت واقعہ میں زخمی ہونے والے بچوں کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ کی صاف اور شفاف تحقیقات کرکے ذمہ داروں کو سخت سے سخت سزا دی جائے اور آئندہ اس قسم کے واقعات کی روک تھام کیلئے اسکولوں کی عمارتوں کا سروے کیا جائے اور مخدوش عمارتوں میں قائم اسکولوں کو فوری طور پر بند یا دوسری جگہ منتقل کیا جائے تاکہ آئندہ اس قسم کے سانحات نہ ہوں۔ انہوں نے اسکول کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے بچوں کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ حاجی میر یونس لہڑی نے چھت گرنے سے زخمی ہونے والے بچوں کی جلد صحت یابی کی بھی دعا کی۔

بقیہ 18

ناگزیر ہیں۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ دیہی خواتین کو تعلیم، صحت، صاف پانی، روزگار اور معاشی خودمختاری کے یکساں مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جدید زرعی طریقوں، فنی تربیت اور چھوٹے کاروبار کے لیے سہولیات فراہم کرکے خواتین کی معاشی حالت بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دیہی علاقوں میں خواتین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے معز اقدامات کرنا ضروری ہے، تاکہ وہ بااختیار ہوکر معاشرے اور ملکی ترقی میں مزید فعال کردار ادا کرسکیں۔ جمال شاہ کاکڑ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین کی ترقی، حقوق کے تحفظ اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رہنی چاہئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے خواتین کی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنا ناگزیر ہے۔

بقیہ 19

حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ ملک اس وقت سیاسی، معاشی اور اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہو چکا ہے۔ نااہل حکمرانوں نے مہنگائی کے ذریعے عوام کی امیدوں پر شب خون مارا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت تاریک دلدل میں دھکیلا جارہا ہے۔ ایک طرف نااہل حکمران اپنی ذاتی عیاشیوں، شاہ خرچیوں اور مراعات میں کوئی کمی نہیں لاتے، جبکہ دوسری طرف غریب اور محنت کش عوام پر آئے روز مہنگائی اور ظالمانہ ٹیکسوں کا نیا بوجھ لادا جارہا ہے۔ اربوں روپے کے بھاری ٹیکسز وصول کرنے کے باوجود ملک قرضوں کے مزید خوفناک بوجھ تلے دبتا چلا جارہا ہے اور معیشت کو مکمل تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا گیا ہے۔ معاشی استحصال اور ان ظالمانہ فیصلوں سے ملک کا مستقبل انتہائی خطرناک بحران کی کیفیت سے دوچار ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل مہنگائی اور بے تحاشہ اضافے سے ملک میں بیروزگاری کا طوفان آچکا ہے اور عوام کی قوت خرید بالکلیہ ختم ہوکر رہ گئی ہے۔ جس سے غریب اور متوسط طبقہ سسک سسک کر ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور ہوگیا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں عوام نے کبھی اتنے بدترین مہنگائی اور بدامنی کے حالات نہیں دیکھے۔ ملک کے اندر معیشت کا ہر پہلو جمود کا شکار ہو چکا ہے اور عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی ایک خواب بنتا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے معیشت بہتری کے تمام دعوے اور جھوٹی تسلیاں سراسر جھوٹ کا پلندہ ثابت ہو چکی ہیں۔ ایک طرف مہنگائی اور بے روزگاری کا راج ہے تو دوسری طرف ملک بھر میں بڑھتی ہوئی بدامنی نے عوام کا جینا دوبھر کر رکھا ہے۔ حکمرانوں کے پاس نہ تو کوئی عوامی درد ہے اور نہ ہی ملک کو اس دلدل سے نکالنے کی کوئی صلاحیت موجود ہے۔ عوام حکومت کے ڈرامائی طرز عمل اور جھوٹے نعروں سے مکمل طور پر عاجز آچکے ہیں۔

بقیہ 20

کے ذریعے شہریوں کو مہم میں شرکت کی دعوت دی جا رہی ہے۔ ان کیمپس کے ذریعے مہنگائی اور دیگر معاشی مسائل کے حوالے سے عوامی مطالبات کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔ مہم کے اہم مطالبات میں پٹرولیم لیوی کا خاتمہ، مہنگائی میں کمی اور عوام کو معاشی مشکلات سے ریلیف فراہم کرنا شامل ہے۔ جماعت اسلامی اس مہم کے ذریعے عوامی مطالبات کو اجتماعی آواز دینے اور پُرامن، آئینی اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے ان کی منظوری کے لیے حکومت پر دباؤ بڑھانا چاہتی ہے۔ حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد کی جانب سے اس مہم کے سلسلے میں مختلف علاقوں میں سرگرمیاں جاری ہیں، جن کا مقصد عوامی مسائل کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا اور شہریوں کو اپنے مطالبات کے لیے آواز بلند کرنے میں شریک کرنا ہے۔

بقیہ 21

اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم سمیر کے قبضے سے 6 کلو چرس برآمد کرکے گرفتار کرلیا اور اس کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 22

روپے سے بڑھ کر 3 ہزار 300 روپے کا ہوگیا ہے۔ کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ نے 20 کلو آٹے کی سرکاری قیمت 2 ہزار 640 روپے مقرر کر رکھی ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری نرخوں پر آٹے اور روٹی کی فروخت کو یقینی بنائے۔

بقیہ 23

الجامعاتی تقریری مقابلوں (اردو و انگریزی)، مضمون نویسی کے مقابلوں (اردو وانگریزی)، پوسٹر سازی اور خطاطی کے مقابلوں کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں مختلف جامعات کے طلبہ وطالبات نے بھرپور جوش وخروش سے شرکت کی، جن میں نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML)، نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (NUST)، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی (SBK)، الحمد اسلامک یونیورسٹی، یونیورسٹی لا کالج، بلوچستان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز، جامعہ بلوچستان اور بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) شامل تھیں۔ اس تقریب کا بنیادی مقصد نوجوان نسل میں بدعنوانی کے منفی اثرات کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا، کردار سازی، دیانت داری اور شفاف طرز عمل کو فروغ دینا اور معاشرے میں بدعنوانی کے خلاف شعور و آگاہی کو مزید مستحکم کرنا تھا۔ مقابلوں کے دوران شرکاء نے اپنی تخلیقی اور فکری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور بدعنوانی کی روک تھام، شفافیت، دیانت داری، میرٹ، قانون کی پابندی، قومی ذمہ داری اور خود احتسابی جیسے اہم موضوعات کو اجاگر کیا۔ تقریب میں اس امر پر زور دیا گیا کہ نوجوان ملک کا مستقبل ہیں اور ان میں ایمانداری، دیانت داری، قانون کے احترام اور قومی ذمہ داری جیسی اقدار کو فروغ دے کر ایک شفاف اور بدعنوانی سے پاک معاشرے کی بنیاد کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ مقابلوں کے نتائج جیوری کے اراکین نے ہر زمرے میں درج ذیل شرکاء کو پہلی پوزیشن کا حقدار قرار دیا: آشر حسین تقریری مقابلہ) انگریزی (NUST، سیمرن طارق بلوچ تقریری مقابلہ (اردو (NUST، انعام اللہ مضمون نویسی (انگریزی) (بلوچستان یونیورسٹی، رضیہ نذیر مضمون نویسی (اردو) بلوچستان یونیورسٹی، نزلا احسان پوسٹر سازی یونیورسٹی لاء کالج، سرفراز خطاطی بلوچستان یونیورسٹی۔ اختتامی کلمات میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان، جناب نیاز حسن نے مقابلوں میں حصہ لینے والے طلبہ وطالبات کے پُراعتماد خیالات، تخلیقی صلاحیتوں اور جوش و جذبے کو سراہا۔ انہوں نے جیوری کے اراکین اور متعلقہ جامعات کے فوکل پرسنز کا بھی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 24

چیئرمین سینیٹ اینڈ ٹرانسپورٹ بلوچستان، نے کہا کہ پولیس میں بھرتی کے دوران کسی قسم کے سیاسی دباؤ یا سفارش کی گنجائش نہیں، بلکہ محکمہ کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق میرٹ کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔ ڈی آئی جی وزیر خان ناصر کا کہنا تھا کہ بھرتی کے عمل میں میرٹ، میرٹ اور صرف میرٹ کو یقینی بنایا جارہا ہے اور ان شاء اللہ نتائج سامنے آنے پر شفافیت واضح ہو جائے گی۔ انہوں نے نوجوانوں کو نصیحت کی کہ وہ منفی سرگرمیوں سے دور رہیں اور ایسا کوئی کام نہ کریں جس سے ان کے والدین کو شرمندگی یا پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ دوسری جانب تحریری امتحان میں شریک امیدواروں نے امتحانی عمل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ایس ایس پی اللہ بخش بلوچ کے اقدامات کو سراہا۔ امیدواروں کا کہنا تھا کہ بھرتی کے عمل میں میرٹ کو یقینی بنانا خوش آئند ہے، کیونکہ اس سے اہل اور قابل نو

بقیہ 1

ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانا اور انہیں ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت بلوچستان کے عزم کا حصہ ہے۔ حکومت خواتین کی ہنرمندی، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور معاشی خودمختاری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشی ترقی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ رائزِ پروگرام، وومن بازارز اور خواتین کی معاشی خودمختاری کے فنڈ کے ذریعے خواتین کے لیے روزگار، کاروبار اور آمدن کے نئے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ خواتین کاروباری شخصیات کے لیے آر ٹیفیشل انٹیلیجنس لیب اور کاروباری تربیت کے پروگرام بھی اسی سلسلے کی اہم کڑیاں ہیں، جن کا مقصد خواتین کو تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 7

خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے وزارتِ خارجہ میں ملاقات کی۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے پاکستان اور روس کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری اور روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ انہوں نے حالیہ اعلیٰ سطحی تبادلوں سے حاصل ہونے والی مثبت پیشرفت کو آگے بڑھانے اور دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے لئے مسلسل کاوشوں کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 8

ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حالیہ حملوں کے اثرات پوری دنیا پر پڑ سکتے ہیں۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز پیٹاک میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی معیشت خطے اور دنیا کے لیے اہم ہے اس لیے ان واقعات کے ممکنہ منفی اثرات ہر جگہ اور ہر ایک پر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حالیہ حملوں سے عالمی سطح پر توانائی کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔

بقیہ 9

ہسپتال میں 33 اور نصیر اللہ بابر میموریل ہسپتال میں 2 افراد کی لاشیں لائی گئیں۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے۔ سی سی پی او میاں سعید کے مطابق فجی اسکول کے مالک کو گرفتار کر لیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آخری اطلاعات تک چھت کے ملبے تلے دبے مزید بچوں اور اسکول کے عملے کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن جاری تھا۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر نے واقعے سے متعلق انکوائری کمیٹی قائم کر دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انکوائری کمیٹی چھت گرنے کی وجوہات کا پتہ لگائے گی۔ سیکریٹری تعلیم عنایت اللہ وسیم نے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایم ڈی پی ایس آر اے سے (آج) جمعہ تک رپورٹ طلب کر لی۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ اسکول کی چھت کمزور ہے، چھت میں پی آر سی اور چوبے استعمال کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا ہے کہ چھت پر 110 سے 115 تک بچے موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کر سکی اور گر گئی، چھت گرنے سے بچے ملبے تلے دب گئے اور اس سے اموات ہوئیں۔ پولیس تفتیشی افسر کے مطابق اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، ناقص میٹریل کے استعمال پر اسکول مالک کو گرفتار کیا گیا ادھر مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا ثمر ہارون بلور نے کہا کہ پشاور کی دیرکالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کا افسوس ناک اور دلخراش ہے، پشاور کی دیرکالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کا افسوس ناک اور دلخراش ہے، صوبے میں ایک روز میں نکی مروت، تانک، باجوڑ میں واقعات ہوئے، ایسے وقت میں وزیراعلیٰ کو لانگ مارچ کی بجائے ہسپتال میں ہونا چاہیے تھا۔

بقیہ 3

موٹر کارروائی کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم پانچ دہشت گردوں کی ہلاکت دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں میں اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کے ٹھکانے کی تباہی اور اسلحے و دھماکہ خیز مواد کی برآمدی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کرنے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک دشمن عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف مؤثر کارروائیاں ملک دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کے قومی عزم کی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ خدمات قابل قدر ہیں۔ وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ پاکستان کے محفوظ اور پُرامن مستقبل کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر کے خلاف پوری قوم فورسز کے ساتھ کھڑی ہے اور امن و استحکام کے لیے قومی سطح پر اتحاد اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔

بقیہ 4

افسوسناک واقعے میں معصوم طلبہ کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جاں بحق بچوں کے سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی دلخراش سانحہ ہے، جس پر ہر دل رنجیدہ ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس صدمے میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 5

اقتصادی راہداری (سی پیک) کے مغربی روٹ کے تحت شاہراہوں کے بڑے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کا مقصد صوبے میں جدید مواصلاتی نظام کو فروغ دینا، تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دینا اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق، مغربی روٹ پر مجموعی طور پر 718 کلومیٹر طویل شاہراہوں کے منصوبوں پر پیش رفت جاری ہے، جبکہ ان منصوبوں کے لیے مختص فنڈز میں سے 163.17 ارب روپے جاری کیے جا چکے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق، خضدار، کچلاک شاہراہ کے 330 کلومیٹر طویل منصوبے کے لیے 82.6 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اسی طرح ہوشاب، آواران، نال، بسیمہ، خضدار اور ڑوب، کچلاک روڈس کے لیے مختص 83.2 ارب روپے میں سے 54.9 ارب روپے جاری کیے جا چکے ہیں۔ بلوچستان کے اہم مواصلاتی راستوں میں بسیمہ اور خضدار روٹ کو بھی خصوصی اہمیت حاصل ہے، جہاں مختص فنڈز کا 94 فیصد ترقیاتی کاموں پر خرچ ہونے کی اطلاع ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے مختلف علاقوں کے درمیان سفری رابطوں میں بہتری، سامان کی نقل و حمل میں آسانی اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافے کی راہ ہموار ہونے کی توقع ہے۔ سی پیک کے مغربی روٹ پر شاہراہوں کی تعمیر بلوچستان کو قومی تجارتی نیٹ ورک سے مؤثر انداز میں منسلک کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ جدید سڑکوں کے ذریعے زرعی پیداوار، مقامی صنعتوں اور تجارتی سامان کی ترسیل کو سہولت مل سکتی ہے، جبکہ دور دراز علاقوں تک رسائی بہتر ہونے سے روزگار اور سرمایہ کاری کے امکانات بھی بڑھ سکتے ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ان کے مؤثر استعمال سے بلوچستان کی معاشی ترقی، علاقائی رابطہ کاری اور تجارتی اہمیت میں اضافے کی توقع کی جا رہی ہے۔

بقیہ 6

نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ٹیلیفونک رابطہ کر کے پشاور میں سکول کی چھت گرنے کے واقعے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے جاں بحق افراد کے لواحقین کے لئے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے واقعے میں زخمی ہونے والوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن مدد و معاونت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے واقعے کی مکمل رپورٹ طلب کر لی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے وزیراعظم کو واقعے کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اسکول کے مالک کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ وزیراعظم نے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے اور ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 7

خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے وزارتِ خارجہ میں ملاقات کی۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے پاکستان اور روس کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری اور روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ انہوں نے حالیہ اعلیٰ سطحی تبادلوں سے حاصل ہونے والی مثبت پیشرفت کو آگے بڑھانے اور دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے لئے مسلسل کاوشوں کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 8

ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حالیہ حملوں کے اثرات پوری دنیا پر پڑ سکتے ہیں۔ عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق انہوں نے گزشتہ روز پیٹاک میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سعودی معیشت خطے اور دنیا کے لیے اہم ہے اس لیے ان واقعات کے ممکنہ منفی اثرات ہر جگہ اور ہر ایک پر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حالیہ حملوں سے عالمی سطح پر توانائی کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔

بقیہ 9

ہسپتال میں 33 اور نصیر اللہ بابر میموریل ہسپتال میں 2 افراد کی لاشیں لائی گئیں۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے۔ سی سی پی او میاں سعید کے مطابق فجی اسکول کے مالک کو گرفتار کر لیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آخری اطلاعات تک چھت کے ملبے تلے دبے مزید بچوں اور اسکول کے عملے کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن جاری تھا۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر نے واقعے سے متعلق انکوائری کمیٹی قائم کر دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انکوائری کمیٹی چھت گرنے کی وجوہات کا پتہ لگائے گی۔ سیکریٹری تعلیم عنایت اللہ وسیم نے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایم ڈی پی ایس آر اے سے (آج) جمعہ تک رپورٹ طلب کر لی۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ اسکول کی چھت کمزور ہے، چھت میں پی آر سی اور چوبے استعمال کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا ہے کہ چھت پر 110 سے 115 تک بچے موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کر سکی اور گر گئی، چھت گرنے سے بچے ملبے تلے دب گئے اور اس سے اموات ہوئیں۔ پولیس تفتیشی افسر کے مطابق اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، ناقص میٹریل کے استعمال پر اسکول مالک کو گرفتار کیا گیا ادھر مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا ثمر ہارون بلور نے کہا کہ پشاور کی دیرکالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کا افسوس ناک اور دلخراش ہے، پشاور کی دیرکالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے پر دلی دکھ اور افسوس ہے۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ زخمی بچوں کو بہترین طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ دریں اثناء گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے اسکول کی چھت گرنے کے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی۔

بقیہ 10

کی ترسیل کے نظام کو مضبوط بنانے اور غذائی تحفظ کو لاحق خطرات سے نمٹنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے، مکالمہ، باہمی تعاون اور تنازعات کا پُرامن حل ایک ایسے سازگار ماحول کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں جہاں جدت فروغ پا سکے اور اس کے ثمرات ہر جگہ لوگوں تک پہنچ سکیں۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے یہ بات عالمی یوم خوراک کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 16 اکتوبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جا رہا ہے۔ صدر مملکت نے اس دن کے موقع پر عوام کے لئے غذائی تحفظ کو یقینی بنانے، محفوظ، غذائیت سے بھرپور اور سستی خوراک پیدا کرنے کے لئے پاکستان کی صلاحیت کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سال کا موضوع ''آج جدت لائیں، کل پرورش کریں'' زرعی غذائی نظام کو بہتر بنانے اور موجودہ اور آنے والی نسلوں کی ضروریات کو پورا کرنے میں سائنس، ٹیکنالوجی اور علم کے اشتراک کے کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ زراعت پاکستان کی معیشت، غذائی تحفظ اور دیہی آبادی کے روزگار کا بنیادی ستون ہے، ایک کاشتکار ہونے کے ناطے وہ ذاتی اور خاندانی تجربے کی بنیاد پر اس شعبے کی اہمیت اور اس سے وابستہ افراد کو درپیش چیلنجز سے بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسان اور خوراک پیدا کرنے والے افراد محنت کے ذریعے ملک کی ضروریات پوری کرتے ہیں تاہم انہیں موسمیاتی تبدیلی، پانی کی قلت، زمین کی زرخیزی میں کمی اور پیداواری لاگت میں اضافے جیسے بڑھتے ہوئے چیلنجز کا سامنا ہے۔ خوراک کی ترسیل کے نظام میں خلل اور علاقائی و عالمی غیر یقینی حالات بھی اس دباؤ میں اضافہ کر رہے ہیں۔ زرعی پیداوار اور کاشتکار برادری کے روزگار کے تحفظ کے لیے ان چیلنجز سے نبرد آزما ہونا ضروری ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں سائنسی تحقیق، تکنیکی جدت اور بہتر زرعی طریقوں کے ذریعے زراعت اور غذائی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا۔ اس ضمن میں موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت رکھنے والی زراعت کو فروغ دینے، آبی اور قدرتی وسائل کے تحفظ، بہتر بیجوں اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، مشینری اور ڈیجیٹل سہولیات کو وسعت دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 11

خوراک کا عالمی دن 16 اکتوبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد بھوک اور غربت کے پس پردہ عوامل کو بے نقاب کرنے کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے اس دن کی مناسبت سے جڑانوالہ سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں، محکمہ خوراک اور زراعت کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کے دوران ماہرین دنیا بھر میں خوراک کی کمی، اس کے حصول میں حائل مشکلات پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔ اقوام متحدہ کے زیر اہتمام خوراک کا عالمی دن ہر سال 16 اکتوبر کو منایا جاتا ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں ایک ارب سے زائد افراد خوراک کی کمی کا شکار ہیں جبکہ پاکستان میں مہنگائی کے باعث غریب افراد اپنی آمدنی کا ستر فیصد خوراک پر خرچ کرنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 12

زیلنسکی نے روسی تیل صاف کرنے والی تنصیبات اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر دوبارہ حملے شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے روکنے کی پابندی ختم ہو چکی۔ برطانوی اخبار کو انٹرویو کے دوران زیلنسکی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے روس کے ساتھ ڈیزل معاہدے اور روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے بڑھتی قربت پر تنقید کی ہے۔ زیلنسکی کا اس معاملے پر کہنا تھا کہ یوکرین نے روسی توانائی کی تنصیبات پر حملے 2 روز کے لیے روکے تھے، روس نے اس دوران یوکرین کے دارالحکومت کیف کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین کو روسی بیلسٹک میزائلز سے متعلق امریکی یقین دہانی انتہائی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔ امریکا اور یوکرین کے تعلقات میں کشیدگی کے دوران زیلنسکی نے صحافی پیٹر ز مورگن کو دیے گئے انٹرویو میں پوچھے گئے سوال کیا ٹرمپ انتظامیہ نے آپ کو دھوکا دیا؟ کے جواب میں کہا ہاں، مجھے صدر ٹرمپ کی جانب سے دھوکے میں رکھا گیا۔ دوسری جانب یوکرین میں اسٹارلنک کی خدمات محدود ہونے سے فوجی کارروائیاں اور ڈرون مشن متاثر ہوئے ہیں۔ یوکرینی حکام کے مطابق امریکی حکام نے توانائی کی تنصیبات پر حملے جاری رکھنے کی صورت میں انٹیلیجنس معلومات روکنے کی دھمکی بھی دی ہے۔

بقیہ 13

سے پروان چڑھ رہا ہے، جس میں صوبے کی 11 پبلک سیکٹر یونیورسٹیز، 140 کالجز اور تقریباً 1,200 ہائی اسکولز اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنمنٹ جنرل محمد موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج سے 62 گریجویشن کے فارغ التحصیل ہونا ایک اعزاز ہے۔ مذکورہ کالج ایک قیمتی علمی اثاثہ ہے۔ اس ننھے پودے کو ایک تناور اور میوہ دار درخت بنانے میں ہزارہ کمیونٹی کے سرکردہ افراد نے قابل فخر کردار ادا کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہم علاقے کے عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے معیار ی اور موجودہ ایم پی اے زرک خان مندوخیل کی قابل فخر کاوشوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ جنرل محمد موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج کے پہلے کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ واضح رہے کہ رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے جنرل محمد موسیٰ پوسٹ گریجویٹ کالج کے پہلے کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ واضح رہے کہ رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان مندوخیل، وائس چانسلر لسبیلہ یونیورسٹی ڈاکٹر عبد المالک ترین، سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری مبجر نادر ہزارہ، ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بلوچ اور پرنسپل موسیٰ کالج پروفیسر منظور احمد بڈیچ سمیت ماہرین تعلیم اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 14

اور کوئٹہ پریس کلب کی قیادت نے شہریوں، سرکاری محکموں، پولیس اور نجی اداروں و شخصیات کی جانب سے جعلی صحافیوں و آرگنائزیشنز کے حوالے سے ملنے والی مسلسل شکایات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بے صحافت کے لبادہ اوڑھے افراد اور گروہوں ان دنوں سرگرم ہیں حکام ان کی صحافت اور میڈیا اداروں اور نمائندہ تنظیم بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب سے وابستگی کی تصدیق ضرور کریں، جعلی عناصر کیخلاف بلاامتیاز سخت کارروائی کی جائے۔ بی یو جے کے صدر منظور احمد جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین سمیت پوری کابینہ اور کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین و کابینہ کے دیگر اراکین کے مشترکہ بیان میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے کہ بعض افراد اور گروہ صحافی اور صحافت کے نام پر سرکاری محکموں، پولیس، نجی اداروں اور شخصیات سے ملاقات کرنے کے خواہاں یا ملاقات کر کے ذاتی مفادات حاصل کرنے کوشش کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کو مسلسل شکایات اطلاعات موصول ہو رہی ہیں بلوچستان یونین آف جرنلسٹس، پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (برنا) سے منسلک صوبے میں صحافیوں کی واحد نمائندہ پروفیشنل تنظیم ہے جو 60 سال سے آزادی صحافت، اظہار رائے کے حق اور صحافیوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہے جبکہ کوئٹہ پریس کلب بلوچستان کا سب سے بڑا اور کوئٹہ کا واحد پریس کلب ہے۔

بقیہ 15

کے حملے کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا اور باقی بھاگ گئے۔ جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ تھری کے تحت دہشت گردوں کی جانب سے بچھی کے علاقے میں ڈوسا کراس کے مقام پر پولیس کی چیک پوسٹ پر موجود بکتر بند گاڑی پر دہشت گردوں کی جانب سے حملہ کرنے کی کوشش کی گئی پولیس کی جانب سے فوری جوابی کارروائی کی گئی اور سیکورٹی فورسز کی جانب سے بروقت موقع پر پہنچ کر حملہ آوروں کے خلاف کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں 2 دہشت گرد ہلاک ہو گئے جن کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن برآمد کر کے قبضے میں لے لئے دہشت گردوں کے باقی ساتھی فرار ہو گئے۔ اسی طرح مستونگ میں سیکورٹی فورسز کے عملے نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران پڑنگ آباد کے مقام پر دہشت گردوں کی نقل و حرکت پر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ مزید کارروائی سیکورٹی فورسز کا عملہ کر رہا ہے۔

بقیہ 16

تبادلہ خیال کیا گیا۔ رابطوں کے دوران تمام مسائل کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کشیدگی میں کمی کی کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، جبکہ پاکستان، مصر اور ترکی کے درمیان قریبی رابطوں اور تعاون کو برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس کے دوران دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق گفتگو میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ تمام مسائل کے پُرامن حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کا واحد مؤثر راستہ ہیں۔

بقیہ 17

خارجہ اسحاق ڈار نے مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی جس میں تازہ علاقائی صورتحال اور مسائل کے حل کیلئے سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے تمام مسائل کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو واحد راستہ قرار دینے پر اتفاق کیا۔ دوران گفتگو دونوں وزرائے خارجہ نے مذاکرات کو آگے بڑھانے اور کشیدگی میں کمی کی کوششوں کی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے تمام امور پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 18

وامان کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، آئی جی جیل خانہ جات، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ، ڈی پی او پشین خلیل ٹلی سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ حکام نے ضلع قلعہ عبداللہ میں امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور امن وامان برقرار رکھنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ صوبے میں امن وامان برقرار رکھنے کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ منشیات کا خاتمہ اور عوام کو امن وامان فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، جس کی ادائیگی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 19

(ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے پشاور میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا سانحہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاں بحق بچوں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کریم اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 20

محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے قطائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر موڈیز کے نمائندوں سے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے معاشی منظر نامے اور خودمختار کریڈٹ پروفائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گفتگو میں پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں حالیہ بہتری، مالیاتی اور بیرونی شعبے کے اشاریوں میں بہتری اور بین الاقوامی سرمایہ منڈیوں تک دوبارہ رسائی کے امور زیر بحث آئے۔ وزیر خزانہ نے بیرونی قرضوں کے مجموعی حجم میں اضافہ کیے بغیر مہنگے اور قلیل مدتی قرضوں کی جگہ طویل مدت کے مالی وسائل حاصل کرنے کے لیے جاری کوششوں سے آگاہ کیا۔ پاکستانی وفد نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے، جاری کھاتے کے خسارے کو محدود رکھنے اور اسٹیٹ بینک کی فارورڈ واجبات میں کمی کو اجاگر کیا۔ وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف پروگرام کے بعد بھی ساختی اصلاحات جاری رکھنے اور برآمدات پر مبنی پائیدار معاشی ترقی کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر خزانہ نے موڈیز کے نمائندوں سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں مزید بہتری کے امکانات اور درجہ بندی کے جائزے میں سیاسی خطرات اور معاشی کارکردگی کو مناسب طور پر مدنظر رکھنے کے حوالے سے بھی آراء طلب کیں۔

بقیہ 21

اس کا موقف اس پختہ یقین پر مبنی ہے کہ روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد راستہ ہیں۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان مشن میں قونصلر محمد کامران تاج نے گزشتہ روز سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا موقف اس پختہ یقین پر مبنی ہے کہ تنازعے کا حل بات چیت اور سفارتی کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یوکرین جنگ اور اس کے خطے اور اس سے باہر انسانی، بحران سمیت دیگر متعلقہ اثرات پر مسلسل اپنی تشویش کا اظہار کرتے رہے ہیں۔ یہ اجلاس یوکرین بحران کے تناظر میں بین الاقوامی انسانی قانون اور بین الاقوامی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے پوشیدہ پہلوؤں کو اجاگر کرنا کے موضوع پر منعقد ہوا۔ روس نے اسے سلامتی کونسل کے اریا فارمولا کے تحت منعقد کیا۔ اریا فارمولا اجلاس غیر رسمی ہوتے ہیں، جن میں سلامتی کونسل کے ارکان متعلقہ امور پر کھل کر اور نجی طور پر اپنے خیالات کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔ اس فارمولے کا نام اقوام متحدہ میں وینزویلا کے سابق سفیر ڈیاگو اریا کے نام پر رکھا گیا ہے۔ پاکستانی مندوب کہا کہ حالیہ دنوں میں جنگلی کارروائیوں میں شدت نے اس جنگ سے متاثرہ شہری آبادی کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

بقیہ 22

دارالحکومت پشاور میں اسکول کی چھت گرنے سے 21 بچوں سمیت 22 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ پشاور کے علاقے دیر کالونی میں پیش آیا ہے۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق واقعہ میں 21 بچے اور ایک خاتون ٹیچر جاں بحق ہوئی ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق اب تک 25 زخمی بچوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق چھت کے ملبے تلے دبے مزید بچوں اور اسکول کے عملے کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن کیا گیا ادھر مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا ثمر ہارون بلور نے کہا کہ پشاور کی دیر کالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کا افسوس ناک واقعہ پی